آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
MEMBER OF APNS & CPNE
www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز پیر 26 اکتوبر 2020ء بمطابق 08 ربیع الاول 1441ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 290

بلوچستان کو چھوٹا بڑا صوبہ کہنا پی ڈی ایم اپوزیشن بند کرے

وزیراعلیٰ بلوچستان

ڈی ایم بلوچستان میں کس کا بیانیہ بیان کررہی ہے یہ پی ڈی ایم کا جلسہ یا پھر بی جے پی کا ہے' اویس نورانی پی ڈی ایم کوئٹہ کے جلسہ میں بلوچستان کو ایک علیحدہ ریاست بنانے کی بات کررہی ہے' پاکستان کے تمام صوبے برابر ہیں ان کی یہی بات ظاہر کرتی ہے

بلوچستان کو خود چھوٹا سمجھتے ہیں بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے' عوام جیل اور جانوں کی قربانی دے اور آپ کی پارٹی کے ممبر ایکسین ٹھیکوں پی ایس ڈی پی اور کاموں کے پیچھے دوڑائی کریں

صد افسوس کہ پنجاب کے عوام سے زیادہ ہمیں بلوچستان عزیز ہے یہ عجیب محبت ہے جو پانچ سال حکمرانی میں نہیں لائی سیلاب میں نہیں لائی برف میں نہیں لائی کورونا میں نہیں لائی بلکہ اس اسٹیج پر بیٹھے کسی کو بلوچستان کبھی یاد نہیں آیا ہے' وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال نے سماجی رابطہ ویب سائٹ ٹیوٹر پیغام میں کہا ہے کہ پی ڈی ایم بلوچستان میں کس کا بیانیہ بیان کررہی ہے یہ پی ڈی ایم کا جلسہ یا پھر بی جے پی کا ہے انہوں نے کہا کہ اویس نورانی پی ڈی ایم کوئٹہ کے جلسہ میں بلوچستان کو ایک علیحدہ ریاست بنانے کی بات کررہی ہے بلوچستان کو چھوٹا بڑا صوبہ کہنا پی ڈی ایم اور اپوزیشن بند کرے پاکستان کے تمام صوبے برابر ہیں ان کی یہی بات ظاہر کرتی ہے کہ بلوچستان کو خود چھوٹا سمجھتے ہیں بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے انہوں نے سردار اختر مینگل کو جواب میں کہا ہے کہ عوام جیل اور

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:25
مغرب	6:20
عشاء	07:15

اہل تشیع

فجر صبح	05:00
ظہرین	01:00
مغرین	07:27

کوئٹہ جلسہ عام سے پی ڈی ایم قائدین شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

ہمارا مقابلہ عمران خان سے نہیں ان کے لانے والوں سے ہے

نواز شریف

عمران سیاسی نابالغ، غیر قانونی جبر کی ریاست کی اندھی طاقت نے ریاست کو اپنے شکنجہ میں جکڑ رکھا ہے، جب تک یہ غیر قانونی شکنجہ رہے گا آپ کے حالات بہتر نہیں ہوسکتے

فارن فنڈنگ کیس عمران خان کو جیل بھیجے گا، دوسروں پر کیچڑ اچھالنا تمہیں نہیں بچا سکے گا، ٹی وی پر بڑھکیں مارنا اور دھمکیاں دینا تمہیں نہیں بچا سکے گا، تمہیں اور ہر تمہارے کرپٹ ساتھی کو حساب دینا پڑے گا

سرکاری اداروں کے افسران اپنے حلف اور آئین سے وفاداری کیجئے، عوام کا جذبہ دیکھ کر میرا یقین پختہ ہوگیا ہے انشاء اللہ، اب ووٹ کی عزت کوئی پامال نہیں کرسکے گا، جلسے سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) سابق وزیراعظم اور مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف نے وزیراعظم عمران خان سیاسی نابالغ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارا مقابلہ عمران خان سے نہیں ان کے لانے والوں سے ہے، فارن فنڈنگ کیس تمہیں جیل بھیجے گا، دوسروں پر کیچڑ اچھالنا تمہیں نہیں بچا سکے گا، ٹی وی پر بڑھکیں مارنا اور دھمکیاں دینا تمہیں نہیں بچا سکے گا، تمہیں اور ہر تمہارے کرپٹ ساتھی کو حساب دینا پڑے گا، غیر قانونی جبر کی ریاست کی اندھی طاقت نے ریاست کو اپنے شکنجہ میں جکڑ رکھا ہے، جب تک یہ غیر قانونی شکنجہ رہے گا آپ کے حالات بہتر نہیں ہوسکتے، سرکاری اداروں کے افسران اپنے حلف اور آئین سے وفاداری کیجئے، عوام کا جذبہ دیکھ کر میرا یقین پختہ ہوگیا ہے انشاء اللہ، اب ووٹ کی عزت کوئی پامال نہیں کرسکے گا۔ اتوار کو جلسے سے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل کورٹ کمپلیکس چمن کا دورہ کررہے ہیں

پاکستان کو توڑنے والوں کی راہ میں عمران خان رکاوٹ ہیں، مراد سعید

کیا وجہ ہے اسرائیل اور بھارت عمران خان کے مہم چلا رہے ہیں، پڑوسی ملک میں اپوزیشن کی سرکس کو کس طرح کی کوریج دی جارہی ہے

کہیں پاکستان کے اداروں کو کمزور کرنے والوں کی خواہشات کو ناامیدی میں بدلنا ہے، کشمیر کاز کو عمران خان سامنے لے کر آئے، وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات اور پاکستان تحریک انصاف کے رہنما مراد سعید نے پاکستان کو توڑنے والوں کی راہ میں عمران خان رکاوٹ ہیں، کیا وجہ ہے اسرائیل اور بھارت عمران خان کے مہم چلا رہے ہیں، پڑوسی ملک میں اپوزیشن کی سرکس کو کس طرح کی کوریج دی جارہی ہے ہمیں پاکستان کے اداروں کو کمزور کرنے والوں کی خواہشات کو ناامیدی میں بدلنا ہے، کشمیر کاز کو عمران خان سامنے لے کر آئے، پاکستان کو سفارتی تنہائی کا شکار کرنے والی قوتوں

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اخلاقی دیوالیہ پن کا شکار اور مفرور قوم کی رہنمائی کے اہل نہیں، وزیر اطلاعات شبلی فراز

عمران خان نے کرپٹ ٹولے کے خلاف قوم کو جگایا، کرپشن کے خلاف جدوجہد سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ اخلاقی دیوالیہ پن کا شکار اور مفرور قوم کی رہنمائی کے اہل نہیں ہوسکتے۔ وفاقی وزیر اطلاعات شبلی فراز نے اپنے ایک بیان میں مسلم لیگ (ن) کی قیادت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

اپوزیشن چاہتی ہے جیلوں میں بھی نہ جائیں اور پیسے دینے سے بھی بچ جائیں، فواد چوہدری

برطانیہ ایف اے ٹی ایف کا رکن، شریف اور ڈار خاندان سے پوچھیں لندن میں اربوں کی جائیدادیں کن ذرائع سے خریدیں' میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ سیاست کرنا علماء کا کام نہیں اس لئے مولانا فضل الرحمان اللہ اللہ یا اپنا اصل کام معاشرے کی اصلاح کریں، اپوزیشن کی تحریک کی لائف لائن جنوری تک ہے، یہ اصل میں

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

بلوچستان جس طرح بلوچ کا گھر ہے اسی طرح پشتونوں کا بھی مسکن ہے' نواب محمد اسلم رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) چیف آف ساراوان و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان رکن بلوچستان اسمبلی نواب محمد اسلم رئیسانی نے سماجی رابطہ ویب سائٹ ٹیوٹر پیغام میں کہا ہے کہ بلوچستان جس طرح بلوچ کا گھر ہے اسی طرح پشتونوں کا بھی مسکن ہے محسن داوڑ کو اپنے گھر آنے سے روکنا قابل مذمت حرکت ہے جس کی جتنی مذمت کی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

وہ وقت دور نہیں جب پاکستان دنیا بھر میں باعث فخر بنے گا، ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری

کوشش ہے قیام پاکستان کے مقاصد حاصل ہوں، انتہائی کم مالی وسائل کے باوجود پاکستان نے کورونا وباء پر قابو پایا، تقریب سے خطاب

راولپنڈی (این این آئی) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری نے کہا ہے کہ وہ وقت دور نہیں جب پاکستان دنیا بھر میں باعث فخر بنے گا، کوشش ہے قیام پاکستان کے مقاصد حاصل ہوں، انتہائی کم مالی وسائل کے باوجود پاکستان نے کورونا وباء پر قابو پایا۔ راولپنڈی میں

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں بھی پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) نے بھرپور عوامی طاقت کا مظاہرہ کیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں بھی پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) نے بھرپور عوامی طاقت کا مظاہرہ کیا پی ڈی ایم کا جلسہ کوئٹہ کے ایوب اسٹیڈیم میں ہوا جس میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی جلسہ گاہ میں مختلف سیاسی جماعتوں کے کارکنوں نے اپنے مطالبات کے حق میں بینرز اور پلے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو بم دھماکے میں زخمی ہونے والے کی بولان میڈیکل میں عیادت کررہے ہیں

کوئٹہ ہزار گنجی میں ہونے والے دھماکے میں 2 افراد جاں بحق 7 زخمی

دھماکے کے بعد ایک گاڑی اور متعدد موٹر سائیکلوں میں آگ لگ گئی اور کئی افراد زخمی بھی ہوئے' ریسکیو ذرائع

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے ہزار گنجی میں ہونے والے دھماکے میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 7 زخمی ہو گئے' دھماکے کے بعد ایک گاڑی اور متعدد موٹر سائیکلوں میں آگ لگ گئی اور کئی افراد زخمی بھی ہوئے ریسکیو ذرائع کا بتانا ہے کہ دھماکے میں دو افراد جاں بحق اور 7

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

دہشت گردوں کو اپنے عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دینگے' ضیاء اللہ لانگو

کوئٹہ (ن ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے ہزار گنجی بم دھماکے کی مزمت کی انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

حب کے قریب رینجرز چیک پوسٹ پر مسافر کو چزما لکان کا احتجاج

لسبیلہ (این این آئی) حب کے قریب موچکو رینجرز چیک پوسٹ پر مسافر کو چزما لکان کا احتجاج کراچی

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

کوئٹہ روڈ نذد واپڈا دفتر کے ساتھ تیز رفتار کار الٹ گئی کار میں سوار دو افراد زخمی

لورالائی (آن لائن) کوئٹہ روڈ نذد واپڈا دفتر کے ساتھ تیز رفتار کار الٹ گئی کار میں سوار دو افراد ہدایت

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

کوئٹہ بم دھماکے میں قیمتی جانوں کا ضیاع قابل مذمت ہے، درچین مری

اوتھل (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کی مرکزی سینئر رہنما محترمہ درچین مری نے کوئٹہ کے علاقے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

مریم نواز صرف اس وقت سچ بولتی ہیں جب یہ نہیں بولتیں' شہباز گل

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی شہباز گل نے کہا ہے کہ مریم نواز صرف اس وقت

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

شہباز شریف کا نام ای سی ایل سے ڈالنے سے متعلق کیس کی سماعت (کل) ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں اپوزیشن لیڈر شہباز شریف کا نام ای سی ایل سے ڈالنے

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

اپوزیشن ملک مخالف بیرونی قوتوں کے ذریعے حکومت گرانے میں ناکام ہوگی، نصرت واحد

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی رکن قومی اسمبلی نصرت واحد نے کہا ہے کہ اپوزیشن

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

عمران صاحب شہباز شریف کو جیل میں بند کرکے ان کے عوامی منصوبے کا افتتاح کرتے ہوئے کچھ شرم تو آرہی ہوگی، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے اورنج لائن

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

سیاست کے شوقین وردی ہمیں دے دیدیں ہم سرحدوں کی حفاظت کرلیں گے

سردار اختر مینگل

باپ کے بیٹر ہمارے شیروں کا مقابلہ نہیں کرسکتے' حکمران جرات کرکے پی ڈی ایم کی قیادت کو گرفتار کریں تو ملک کی جیلوں میں جگہ کم پڑ جائے گی حکمرانوں کو اپنے گھر میں بھی جگہ نہیں ملے گی

سیاست میں مداخلت کرنے والوں سے کہتا ہوں کہ اگر انہیں سیاست کا شوق ہے تو وہ وردی ہمیں دے دیدیں ہم سرحدوں کی حفاظت کرلیں گے، بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ و رکن قومی اسمبلی کا جلسے سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ و رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ حکمران جرات کرکے پی ڈی ایم کی قیادت کو گرفتار کریں تو ملک کی جیلوں میں جگہ کم پڑ جائے گی حکمرانوں کو اپنے گھر میں بھی جگہ نہیں ملے گی، بلوچستان اور پاکستان کی سیاس دنیا بھر کے کچرے کو اکٹھا کرکے "باپ" کی صورت میں حبیب نالے میں دھونے کے باوجود اس سے بدبو ضرور آتی ہے سیاست میں مداخلت کرنے والوں سے کہتا ہوں کہ اگر انہیں سیاست کا شوق ہے تو وہ وردی ہمیں دے دیدیں ہم سرحدوں کی حفاظت کرلیں گے سیاست دل اور گردے کا کام ہے جو ہر کسی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

اف نصاب کے بغیر کوئی معاشرہ ترقی نہیں کرسکتا

چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ

عوام کو سستے اور تیز تر انصاف کی فراہمی ہمارا عزم اور عدلیہ کی ذمہ داری ہے

امن و امان کے قیام اور انصاف کی فراہمی میں عدلیہ نے بھی اہم کردار ادا کیا ہے، چیف جسٹس بلوچستان

کوئٹہ (ن ن) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوام کو سستے اور تیز تر انصاف کی فراہمی ہمارا عزم اور عدلیہ کی ذمہ داری ہے، انہوں نے کہا کہ امن و امان کے قیام اور انصاف کی فراہمی میں عدلیہ نے بھی اہم کردار ادا کیا ہے، آج بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے اور عوام کو انکے دہلیز پر انصاف کی سہولت بہم پہنچانے کے لیے ان علاقوں میں عدالتوں کا قیام عمل میں لایا، چیف جسٹس نے کہا کہ لوگوں کو عدلیہ سے ہمیشہ انصاف پر مبنی فیصلوں کی توقع ہے۔ ان خیالات کا اظہار جسٹس جناب جمال خان مندوخیل نے قلعہ عبداللہ چمن کے دورے کے موقع پر بار روم کے وکلاء، جوڈیشل افسران، ضلعی انتظامیہ اور عمائدین سے خطاب کرتے ہوئے کیا، چمن پر چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ کا کا ڈپٹی کمشنر چمن طارق مینگل گل اور دیگر قبائلی عمائدین نے پرتپاک استقبال کیا، بعد ازاں چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ نے چمن ہسپتال کا ٹی اور

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں فرانسیسی اشیاء کا بائیکاٹ کریں گے، انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین حاجی نصر الدین کاکڑ حاجی اسلم ترین حاجی یعقوب شاہ کاکڑ حاجی فاروق شاہوانی محمد حسین ہزارہ سید حیدر اغا نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں بلوچستان میں فرانسیسی اشیاء کی بائیکاٹ کا اعلان کرتے ہوئے فرانس میں توہین

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے 33 اضلاع میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کل بروز پیر 26 اکتوبر سے شروع ہوگی

سہ روزہ انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے 25 لاکھ کے قریب بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا

اس مہم کے دوران 10 ہزار 585 کے قریب ٹیمیں حصہ لیں گے جن میں 8 ہزار 988 موبائل ٹیمیں، 941 فکسڈ سائٹ اور 594 ٹرانزٹ پوائنٹس شامل ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے 33 اضلاع میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کل بروز پیر 26 اکتوبر سے شروع ہوگی جس کے لئے تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں ان خیالات کا اظہار ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے کوآرڈینیٹر راشد رزاق نے اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ سہ روزہ انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے 25 لاکھ کے قریب بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس مہم کے دوران 10 ہزار 585 کے قریب ٹیمیں حصہ لیں

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں حالات خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دینگے' نور محمد دمڑ

اگر آپ کے پیچھے وردی نہ ہو تو کلھوشن جیسے کیریکٹر جو ہر جگہ موجود ہیں ہمیں جینے نہ دیں، افواج پاکستان کے ساتھ 22 کروڑ پاکستانیوں کا دل دھڑکتا ہے

آج پاکستان میں امن ہے تو اس کے پیچھے وردی ہے، آج ہم پرسکون طریقے سے یہاں کھڑے ہو کر اپنے دشمن کے خلاف بات کررہے ہیں' صوبائی وزیر پی ایچ ای

ہرنائی (آن لائن) بی اے پی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ کوئٹہ کمس اچار کا جلسہ بری طرح ناکام ہوا ایک درجن جماعتوں نے بہ مشکل تین، چار ہزار لوگوں کو بھی اکٹھا نہ کرسکے جو جلسے میں شریک تھے اس میں بھی زیادہ تر دیہاڑی دیکر لانے والے لوگوں کا تھا جلسے میں پاک فوج کے خلاف تقریریں کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہے ملک کی ترقی امن وسکون کے پیچھے وردی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مقامی صحافیوں سے کوئٹہ میں پی ڈی ایم کے جلسے کے حوالے سے بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ کے پیچھے وردی نہ ہو تو کلھوشن جیسے کیریکٹر جو ہر جگہ موجود ہیں ہمیں جینے نہ دیں، افواج پاکستان کے ساتھ 22 کروڑ

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

امیر حیدر ہوتی اور دیگر رہنماؤں نے پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری کی عیادت کی

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر امیر حیدر خان ہوتی سیکرٹری جنرل میاں افتخار حسین صوبائی صدر و صوبائی پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی مرکزی جوائنٹ سیکرٹری رشید خان ناصر صوبائی نائب صدر اصغر علی ترین اراکین مرکزی کمیٹی

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

معیشت اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں بہتری، رواں ماہ ڈالر 160 روپے سے نیچے آنے کا امکان

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معیشت اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں بہتری ڈالر کی قدر میں کمی کا سلسلہ جاری ہے۔ رواں ماہ میں ڈالر 160 روپے سے بھی نیچے آجائے گا۔ صدر فاریکس ایسوسی ایشن ملک بوستان کے مطابق روشن ڈیجیٹل پاکستان اکاؤنٹ سے بڑے پیمانے پر پاکستانی ملک میں پیسے بھیج رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کے آج کے جلسہ میں ہزاروں لوگوں نے شرکت کرکے ثابت کردیا ہے، عبدالرحیم کاکڑ

موجودہ وفاقی و صوبائی حکومت نے دو سال کے عرصے میں عوام اور تاجروں کے لیے کچھ نہیں کرسکی' مرکزی انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ میر یاسین مینگل اور ہزاروں تاجروں نے آج کے پی ڈی ایم کے جلسہ میں شرکت کی مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ نے کہا کہ پی ڈی ایم کے آج کے جلسہ میں ہزاروں لوگوں نے شرکت کرکے ثابت کردیا ہے کہ موجودہ وفاقی و صوبائی حکومت نے دو سال کے عرصے میں عوام اور تاجروں کے لیے کچھ نہیں کرسکا صرف اور صرف دعوے کررہے ہے تاجر برادری موجودہ وفاقی و

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

لاہور اورنج لائن میٹرو ٹرین باضابطہ افتتاح کے بعد اپنی منزل کی جانب گامزن ہے

توہین آمیز خاکوں کے ذریعے اسلام پر حملے لاعلمی کا نتیجہ ہیں' وزیراعظم

وزیراعظم عمران خان کی گستاخانہ خاکوں پر فرانسیسی صدر کے اسلام مخالف بیانات کی مذمت

فرانسیسی صدر نے کروڑوں مسلمانوں کے جذبات کو مجروح کیا، میکرون کو انتہا پسندوں کو موقع نہیں دینا چاہیے تھا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے گستاخانہ خاکوں پر فرانسیسی صدر کے اسلام مخالف بیانات کی مذمت کہا ہے کہ فرانسیسی صدر نے کروڑوں مسلمانوں کے جذبات کو مجروح کیا، میکرون کو انتہا پسندوں کو موقع نہیں دینا چاہیے تھا۔ اتوار کو وزیراعظم عمران خان نے سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں فرانسیسی صدر میکرون کے اسلام مخالف بیانات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ لیڈر کی پہچان یہ ہے کہ وہ لوگوں کو متحد کرتا ہے، فرانسیسی صدر کو دنیا کو تقسیم کرنے کے بجائے معاملات کو حل کرنا چاہئے تھا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کو تقسیم کرنے سے انتہا پسندی مزید بڑھے گی۔ انہوں نے کہا کہ نیلسن منڈیلا نے لوگوں کو تقسیم کرنے کے بجائے متحد کیا، دنیا کو تقسیم کرنے سے انتہا پسندی مزید بڑھے گی، توہین آمیز خاکوں کے ذریعے اسلام پر حملے لاعلمی کا نتیجہ ہیں۔

عمران خان خود اپنی حکومت سے مایوس ہوچکے ہیں، نااہل حکومتی ٹیم سے کوئی تبدیلی نہیں لاسکتے، لیاقت بلوچ

عمران حکومت کٹھ پتلی حکومت ہے، عمران خان وزیراعظم ہاؤس میں ایک بے بس قیدی بن چکے ہیں

انکو لانے والے ملک کا بیڑا غرق کرنے کے ذمہ دار ہیں، نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان

اسلام آباد (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان اور مجلس قائمہ سیاسی امور کے صدر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ عمران خان خود اپنی حکومت سے مایوس ہوچکے ہیں۔ نااہل حکومتی ٹیم سے کوئی تبدیلی نہیں لاسکتے۔ عمران خان حکومت کٹھ پتلی حکومت ہے۔ عمران خان وزیراعظم ہاؤس میں ایک بے بس قیدی بن چکے ہیں۔ ان کو لانے والے ملک کا بیڑا غرق کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ عمران خان پریشان ہیں کہ موجودہ حالت میں کیا کریں۔ جسٹس فائز عیسیٰ کیس میں سپریم کورٹ کے فیصلے نے حکومت کا چہرہ بے نقاب کردیا۔ فیٹیف کی مرضی کے مطابق مدارس کے خلاف قانون سازی کی گئی۔ لیکن انہوں نے پھر بھی اس پر اکتفا نہیں کیا اور ڈومور کا مطالبہ کیا۔ وہ جماعت اسلامی مردان کے اجتماع ارکان سے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

کیلی گرافریسوی ایشن بلوچستان اور ادارہ ثقافت و سیاحت بلوچستان کے زیر اہتمام تین روزہ قومی خطاطی نمائش

کوئٹہ (ن ن) کیلی گرافریسوی ایشن بلوچستان اور ادارہ ثقافت و سیاحت بلوچستان کے زیر اہتمام تین روزہ قومی خطاطی نمائش 28,27,26 اکتوبر بروز سوموار بوقت چار بجے بمقام آرٹ گیلری جناح روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوگی جس کے مہمان خصوصی وزیر اعلیٰ کے مشیر برائے سیاحت ثقافت عبدالخالق ہزارہ ہونگے بلوچستان کے اہل علم اور انشوروں سے شرکت استدعا ہے۔

ادارے اپنی غلطی تسلیم کریں تو ہم آنکھوں پر بٹھائیں گے' فضل الرحمن

کوئی سوچے بھی نہیں کہ چھوٹے صوبوں کے حقوق غصب کرینگے، بلوچستان اور سندھ کے جزائر پر قبضے کی اجازت نہیں دیں گے

جو حشر پشاور میں بی آر ٹی کا ہوا ہے وہ حشر پورے ملک اور سی پیک کا ہوا ہے، ہم نے چین کے ساتھ بڑے منصوبوں لگانا شروع کئے، جلسے سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ جسٹس فائز عیسیٰ کے فیصلے پر بعد موجودہ حکمرانوں کا حکومت کرنے کا اخلاقی جواز نہیں رہا کوئی مائی کا لعل سوچے بھی نہیں کہ چھوٹے صوبوں کے حقوق غصب کرینگے، بلوچستان اور سندھ کے جزائر پر قبضے کی اجازت نہیں دیں گے، جو حشر پشاور میں بی آر ٹی کا ہوا ہے وہ حشر پورے ملک اور سی پیک کا ہوا ہے، ہم نے چین کے ساتھ بڑے منصوبوں لگانا شروع کئے، ان لوگوں نے کئے، مرغی اور انڈے کے منصوبے پیش کر دیئے، کیا عمران خان نے کشمیر کو تین حصوں میں تقسیم کرنے کا فارمولا نہیں دیا تھا، ہم اداروں کے دشمن نہیں، اگر وہ پاکستان پر جعلی حکومت کی پشت پناہی کرتے ہیں تو پھر ان سے گلہ، شکایت اور احتجاج کرنا ہمارا حق ہے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کا پاور شو، کوئٹہ میں موبائل فون سروس بند رہی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) جلسے کے موقع پر کوئٹہ میں ڈبل سواری پر پابندی عائد کی گئی، موبائل فون سروس بھی بند رہی۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے جلسہ کرنے والی سیاسی جماعتوں کو ہدایت کی کہ ٹیکا الرٹ کو سنجیدہ لیا جائے، کوئٹہ

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

پاک بحریہ کے لئے کراچی شپ یارڈ میں تیار کئے جانے والے ملجم کلاس کا روٹ جہاز کی تعمیر کا آغاز

جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ بحری جہاز کی مقامی سطح پر تعمیر خود انحصاری کی پھول میں خوش آئند ہے، زبیدہ جلال

اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ کیلئے کراچی شپ یارڈ میں تیار کئے جانے والے ملجم کلاس کا روٹ جہاز کی تعمیر کا آغاز کیا گیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق تعمیر کے آغاز کی تقریب آج کراچی شپ یارڈ میں منعقد ہوئی، ترکی کے وزیر برائے قومی دفاع تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق وفاقی وزیر برائے دفاعی پیداوار زبیدہ جلال اور چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی بھی تقریب میں شریک تھے۔ ترجمان پاک بحریہ

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

کراچی' جشن عید میلاد نبی کے موقع پر سجائی گئی گلیاں کا منظر

مذہبی شخصیات کی توہین نفرت انگیز تقریر کو آزادی اظہار کا نام نہیں دیا جاسکتا' پاکستان

نسل پرست نظریات کا پھیلاؤ، بدنامی اور دوسرے مذاہب کی تضحیک، پاکستان کی آزادی اظہار کی آڑ میں اسلاموفوبیا مہم کی شدید مذمت

مذہبی شخصیات کی توہین، نفرت انگیز تقریر اور تشدد پر اکسانے کو آزادی اظہار کا نام نہیں دیا جاسکتا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بعض ترقی یافتہ ممالک کی جانب سے آزادی اظہار رائے کی آڑ میں گستاخانہ خاکے دوبارہ شائع کرنے کے فیصلے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نسل پرست نظریات کا پھیلاؤ، بدنامی اور دوسرے مذاہب کی تضحیک، مذہبی شخصیات کی توہین، نفرت انگیز تقریر اور تشدد پر اکسانے کو آزادی اظہار کا نام نہیں دیا جاسکتا۔ اتوار کو دفتر خارجہ کے اعلامیے میں کہا گیا کہ بعض غیر ذمہ دار عناصر کی جانب سے گستاخانہ خاکوں کی نمائش اور قرآن پاک کی بے حرمتی کی منظم انداز میں جاری تحریک کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ زاہد

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

جماعت اسلامی سیاسی بریانی میں شامل ہونے کی بجائے اصل اپوزیشن کا کردار ادا کررہی ہے، سینیٹر سراج الحق

جماعت اسلامی یکم نومبر سے مہنگائی بے روزگاری اور سود کے خلاف تحریک کا آغاز کررہی ہے، امیر جماعت اسلامی کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی سیاسی بریانی میں شامل ہونے کی بجائے اصل اپوزیشن کا کردار ادا کررہی ہے۔ پیپلز پارٹی یا ن لیگ حکومت گرانا چاہتی ہیں تو استعفے دیکر اسمبلیوں سے با

www.dailyshal.com

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

26 اکتوبر 2020ء

نواز شریف کا ایجنڈا کیا ہے؟

سابق وزیر اعظم نواز شریف کی صاحبزادی اور مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز کا کہنا ہے کہ سندھ میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ بڑے لوگوں کے درمیان تنازع ہے اور وزیر اعظم عمران خان اس میں کوئی فریق نہیں۔ خود وزیر اعظم عمران خان کا کہنا ہے کہ مسلم لیگ ن والے اب ان کا پیچھا چھوڑ کر فوج اور عسکری قیادت کے پیچھے پڑ گئے ہیں۔ کسی بھی ملک میں جمہوریت کی بحالی اور خاص طور سے سویلین بالادستی کی جدوجہد کو کسی طور منفی قرار نہیں دیا جا سکتا۔ اگر پاکستان میں اپوزیشن عوام کے جمہوری حقوق کی صورتحال کو بہتر بنانے اور نظام میں اصلاح کیلئے کوئی جدوجہد کرتی ہے تو اس تاخیر مقدم کیا جانا چاہیے۔ لیکن شخصیات کے ٹکراؤ اور لڑائی کو جمہوریت یا جمہوری جدوجہد کا نام دینا کوئی مناسب بات نہیں۔ اپوزیشن جماعتوں کے اتحاد سے پی ڈی ایم قائم ہوئی تو یہ امید پیدا ہوئی تھی کہ ماضی میں بحالی جمہوریت کی تحریکوں کی طرح آئین کی بالادستی اور عوام کی حاکمیت کے قیام کی طرف پیش رفت ہوگی۔ اکثر لوگوں کا خیال تھا کہ اپوزیشن شائد مہنگائی اور غربت جیسے عوامی مسائل کو بھی اپنے ایجنڈے کا اہم حصہ بنائے گی۔ لیکن پی ڈی ایم کے پہلے جلسہ عام بمقام گوجرانوالہ میں نواز شریف کی تقریر نے ان امیدوں پر پانی پھیر دیا۔ نواز شریف نے ایک بار پھر ساری جدوجہد کو آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی ذات تک محدود کرنے کی کوشش کی۔ یہ کوئی نئی بات نہیں نواز شریف اس کے عادی ہیں وہ جیسے آرمی چیف منتخب کرتے ہیں کچھ عرصہ بعد اس کی مخالفت پر اتر آتے ہیں۔ نواز شریف کی تقریر سے ظاہر ہوتا ہے کہ انھیں جنرل باجوہ سے ذاتی نوعیت کی شکایات ہیں اور غالباً اگر جنرل باجوہ آرمی چیف نہ رہیں تو سارے مسائل حل ہو جائیں گے۔ یہ تو وقت بتائے گا کہ ان میں سے کون غلطی پر ہے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ دونوں ہی غلط ثابت ہوں۔ لیکن ایک بات طے ہے کہ کسی ملک میں جمہوریت کا مستقل کسی بھی طور کسی ایک شخصیت کے تابع نہیں ہوتا۔ اس ملک کے قیام کو 70 سال ہو چکے۔ اب ہمارے سیاستدانوں اور افسران دونوں کو بالغ نظری کا مظاہرہ کرنا چاہیے اور ذاتی مفادات کے بجائے اصولوں کی سیاست آگے بڑھنی چاہیے۔

پاک سعودی تناؤ کی حقیقت

قوبر
سمیع اللہ ملک
samiumalik@hotmail.com

ہمارے خطے میں تیزی سے جاری تبدیلیاں اس بات کی نوید سنا رہی ہیں کہ سرد جنگ کو مزید ہوا دینے کیلئے نئے بلاکس وجود میں آرہے ہیں اور قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ سعودی عرب اور پاکستان کی خارجہ پالیسی میں خاصا بڑا یوٹرن آیا ہے۔ اس تبدیلی کا آغاز سعودی ایران کے درمیان یمن کے معاملہ پر جاری جنگ کے بعد اس وقت کھل کر سامنے آیا جب سعودی عرب نے پاکستان سے عسکری اعانت کا مطالبہ کیا جو پاکستانی حکومت کیلئے اس لئے ایک بڑی آزمائش تھی کہ زمینی حقائق کے مطابق پاکستان پہلے ہی اپنی مشرقی سرحدوں پر بھارت جیسے مکار دشمن کی بڑھتی ہوئی دہشتگردی کا مقابلہ کر رہا ہے اور دوسری جانب امریکا نے پاکستان پر دباؤ بڑھانے کیلئے افغان سرزمین پر بھارت کو دہشتگردی کی کھلی چھٹی دے رکھی ہے، اس لئے پاکستان کیلئے ممکن نہیں کہ مزید تیسری سرحد کو بھی گرم کرنے کی اجازت دے جبکہ بھارت اور ایران پہلے ہی گوادر کا ناکام بنانے کیلئے چاہ بہار پراجیکٹ کے کئی معاہدوں میں شریک کار بنے ہوئے ہیں۔

نواز شریف کے دور حکومت میں دھرنے کے دوران شاہ محمود قریشی سے پاکستان میں ایرانی سفیر کی ملاقاتوں نے بھی خوب اشر دکھایا جس کی بنا پر پاکستان کی پارلیمانی اجلاس میں عمران خان کی جماعت نے اپنے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے نہ صرف سخت تنقید کی بلکہ دھرنے کے باوجود مظاہروں کی بھی دھمکی دے ڈالی۔ پاکستان کی دیگر سیاسی جماعتوں نے بھی غیر جانبدار رہنے کا مشورہ دیا جس کی بنا پر پاکستان نے فریق بننے کی بجائے دو مسلم ممالک میں مصالحتی کردار ادا کرنے کا جب فیصلہ کیا تو سعودی عرب نے یواے ای کے وزیر خارجہ کی زبان سے اپنی شدید برہمی کا اظہار کیا اور ردعمل کے طور پر مودی کو نہ صرف سعودی عرب بلا کر تجارتی معاہدوں سے لاد دیا (مغربی میڈیا کے مطابق" ایسے وقت میں جب ہندوستان کو معیشت میں کمی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، سعودی عرب ملک کے نمو کی صلاحیت کو دیکھتے ہوئے پیٹروکیمیکلز، انفراسٹرکچر اور کان کنی کے شعبوں میں ایک سو ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان بھی کر دیا") بلکہ اپنے ملک کا سب سے بڑا سول اعزاز خود اپنے ہاتھوں پہنا کر پاکستان کو ایک واضح پیغام پہنچا دیا۔

اب ایک اطلاع کے مطابق سعودی عرب اور یواے ای سے کرونا وبا کی آڑ میں تیزی سے اب تک 45 ہزار افراد پاکستانی ورکرز کو نکالا جا چکا ہے اور مزید 35 ہزار افراد کو نکالا جا رہا ہے جبکہ اس کے مقابلے میں پانچ لاکھ ہندوستانی گھریلو ملازمین جو اپریل 2016ء میں سعودی عرب منتقل ہوئے تھے، ان میں سے صرف دو ہزار افراد واپس آئے ہیں۔ یواے ای میں تو سعودی عرب سے بھی دس قدم آگے بڑھ کر مودی کی قدم بوسی کے مناظر دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ یواے ای نے بھی اب تک 20 ہزار سے زائد پاکستانی افراد کو ملک سے نکالا ہے جبکہ خانہ پری کیلئے چند سو بھارتی افراد بھی واپس گئے ہیں۔

اس تمام سفارتی مناقشے کی روشنی میں پاکستان اور سعودی عرب اپنی اپنی خارجہ پالیسی پر نظر ثانی کر رہے ہیں۔ (مقبوضہ) جموں وکشمیر میں گزشتہ برس 5 اگست کو بھارت کے غیر قانونی اقدام کے بعد پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اختلافات ابھرے ہیں۔ جموں وکشمیر کی آئینی حیثیت تبدیل کرنے کے بعد پاکستان نے چاہا کہ اسلامی دنیا اس کا ساتھ دے۔ اس نے جموں وکشمیر کی صورت حال پر اسلامی کانفرنس کی تنظیم (او آئی سی) کی سربراہ کانفرنس بلانے پر زور دیا مگر سعودی عرب اس کیلئے راضی نہ ہوا۔ جب او آئی سی کا اجلاس بلانے کی کوشش ناکام رہی تو شاہ محمود قریشی نے اگست 2020ء کے اوائل میں سعودی عرب کے خلاف زبان کھولی اور ساتھ ہی ساتھ انتباہ بھی کیا کہ اگر سعودی عرب نے جموں وکشمیر کی صورت حال پر او آئی سی کا اجلاس طلب نہ کیا تو پاکستان ہم خیال مسلم ممالک کا اجلاس طلب کرے گا تاکہ کشمیریوں پر ڈھائے جانے والے بھارتی مظالم کے خلاف آواز اٹھائی جا سکے۔

پاکستان (مقبوضہ) کشمیر کے مسئلے پر سعودی عرب سے اپنی بات منوانا چاہتا تھا مگر اسے شدید ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ سعودی عرب نے 3/ارب ڈالر کا قرضہ فوری ادا کرنے کیلئے پاکستان پر دباؤ ڈالا اور ساتھ ہی ساتھ 3/ارب 20 کروڑ ڈالر کا تیل ادھار فراہم کرنے سے معذوری ظاہر کر دی۔ شاہ محمود قریشی کے بیان کے فوراً بعد جب آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے معاملات درست کرنے کیلئے سعودی عرب کا دورہ کیا تو سعودی ولی عہد ان سے ملنے پر راضی نہ ہوئے۔ شاہ محمود قریشی نے سعودی عرب پر تنقید کرتے ہوئے جو بیان دیا تھا اس پر ملک میں خاصا ہنگامہ برپا ہوا تاہم فوج نے ان کے بیان کی کھل کر مذمت سے گریز کیا جس پر سیاسی جماعتوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ یہ ممکن ہی نہیں کہ شاہ محمود قریشی نے جو کچھ کہا اُس کیلئے انہیں فوج کی حمایت حاصل نہ ہو یا منظوری نہ ملی ہو۔

اسٹریٹیجک معاملات میں سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان اختلافات کچھ مدت سے پنپ رہے ہیں۔ پاکستان کی طرف سے اختلافات کی تردید کی جا رہی ہے۔ عمران خان نے اپنے ایک حالیہ انٹرویو میں کہا کہ "ہماری طرح سعودی عرب کی بھی اپنی خارجہ پالیسی ہے۔ ضروری تو نہیں کہ سعودی عرب وہی کہے اور کرے جو ہم چاہتے ہیں۔" قریشی نے جو کچھ بھی کہا وہ راتوں رات ابھرنے والے جذبات کا اظہار نہیں تھا۔ (مقبوضہ) کشمیر کی صورت حال پر سعودی عرب کی طرف سے کچھ نہ کیے جانے کا یہی نتیجہ نکل سکتا تھا۔

کشمیر کے معاملے میں بھارت کے خلاف سعودی عرب کی طرف سے ایک لفظ بھی نہ بولا جانا ایسی بات نہیں جسے سمجھنا زیادہ دشوار ہو۔ بھارت ایک بڑی منڈی ہے۔ وہ سرمائے کے حوالے سے بھی پاکستان کے مقابلے میں بہت زیادہ کچھ دے سکتا ہے۔ سعودی عرب اور بھارت کی باہمی تجارت 33/ارب ڈالر کی ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب کی باہمی تجارت سے یہ کم وبیش دس گنا ہے۔ محض اسلام آباد کو خوش کرنے کی خاطر ریاض ایسی کوئی بھی بات نہیں کرنا چاہتا جو نئی دہلی کو ناراض کر دے۔ یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ کشمیر کی صورت حال پر اختلافات کے باوجود پاکستان کی قیادت سعودی عرب سے تعلقات زیادہ بگاڑنا نہیں چاہتی۔ پاکستان کی سعودی پالیسی میں بھی راتوں رات کسی بڑی تبدیلی کی توقع نہیں رکھی جانی چاہیے۔ قریشی کے بیان کے بعد آرمی چیف کا سعودی عرب کا دورہ اور اس کے بعد پاکستانی وزارت خارجہ کی طرف سے کشمیر پر سعودی عرب اور او آئی سی کی سابقہ خدمات کا سراہا جانا ناقابلِ فہم نہیں۔

بہت سے مواقع پر سعودی عرب نے پاکستان کی مدد کر کے اُسے شدید اقتصادی بحران سے بچانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ سعودی حکمران پاکستان کو بہت بڑے پیمانے پر تیل بھی ادھار دیتے رہے ہیں۔ پاکستان کو مالیاتی سطح پر بھی شدید نقصان سے بچانے کیلئے سعودی عرب کئی بار میدان میں آیا ہے۔ سعودی عرب میں کام کرنے والے پاکستانی کما کر جو کچھ گھر بھیجتے ہیں وہ پاکستان کی ترسیلاتِ زر کا ایک چوتھائی ہے۔ اب ایسا لگتا ہے کہ پاکستانی قیادت سعودی عرب پر انحصار کم کرنا چاہتی ہے۔ سعودی عرب پر انحصار بڑھنے سے داخلہ اور خارجہ پالیسی پر اس کا اثر ونفوذ بھی بڑھ گیا تھا۔ سعودی عرب پر انحصار نہ کرنے کا عمل مرحلہ وار ہے۔ راتوں رات کوئی بڑی تبدیلی رونما نہیں ہوگی۔ خیر، یہ عمل اب شروع کیا جا چکا ہے۔

دسمبر 2019ء میں ملائیشیا کے دارالحکومت کوالالمپور میں ایک نئے اسلامی بلاک کی بنیاد پڑی۔ ترکی، ایران، قطر اور ملائیشیا نے مل کر سربراہ اجلاس منعقد کیا، جس میں کشمیر کا مسئلہ بھی اٹھایا گیا۔ اس حوالے سے ترکی اور ایران نے واضح موقف اختیار کیا۔ دونوں کا یہ کہنا تھا کہ بھارت نے کشمیریوں پر ظلم ڈھایا ہے اس لیے اس کے خلاف متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ اس اجلاس میں پاکستان کو بھی شریک ہونا تھا۔ اسے دعوت نامہ بھیجا گیا تھا تاہم آخری لمحات میں اس نے، بظاہر سعودی عرب کے دباؤ پر، کوالالمپور سربراہ اجلاس میں شریک ہونے سے گریز کیا۔ بعد میں عمران خان خصوصی طور پر کوالالمپور گئے اور ملائیشین ہم منصب مہاتر محمد سے ملے۔ انہوں نے ترکی کے کردار کو بھی سراہا اور یہ کہنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہیں کی کہ ترک صدر اردگان ان کے ہیرو ہیں۔ ہو سکتا ہے پاکستان کسی نئے اسلامی بلاک کی تشکیل میں حصہ نہ لے مگر یہ بھی طے ہے کہ سعودی عرب کے مقابلے میں ایران اور ترکی سے اپنے تعلقات پاکستان بلند سطح پر ہی برقرار رکھنا پسند کرے گا۔

ایران اور ترکی مل کر پاکستان کو بھارت کے خلاف اتحاد بنانے کی پیشکش کر رہے ہیں۔ بھارت کو ایک خاص حد تک رکھنا پاکستان کا بنیادی مسئلہ ہے۔ ایسے میں ایران اور ترکی ساتھ مل جائیں تو اس کیلئے معاملات بہت بہتر ہو جائیں۔ سعودی عرب نے کشمیر کی صورتِ حال کے حوالے سے بھارت کے خلاف جانے سے اب تک گریز کیا ہے۔ اس کی طرف سے مودی کی کشمیر پالیسی پر اب تک کوئی بیان جاری نہیں کیا گیا۔ دوسری طرف ایران اور ترکی نے کشمیر کی صورتِ حال پر بھارت سے تعلقات بگاڑنے سے بھی گریز نہیں کیا۔ انہوں نے نہتے کشمیریوں کے خلاف بھارتی فوج کی کارروائیوں اور مودی کی مسلم دشمن پالیسی پر شدید تنقید کی ہے۔ دونوں ممالک نے بھارت کی طرف سے شدید ردعمل کی بھی پروا نہیں کی۔ اردگان نے چند برسوں کے دوران خود کو اسلامی دنیا کے ہر بڑے کاز کا چیمپین ثابت کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ انہوں نے بھارت کو کشمیر کے حوالے سے نشانہ بنانے میں بھی تساہل کا مظاہرہ نہیں کیا۔ بھارت کو مزید برہم کرنے کیلئے ترک صدر نے حال ہی میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کے دوران بھی کشمیر کا مسئلہ اٹھایا اور دنیا کو بتایا کہ یہ معاملہ ابھی سرد نہیں پڑا۔

چین اب تک پاکستان کیلئے ہر مشکل گھڑی کا ساتھی ثابت ہوا ہے۔ یہی سبب ہے کہ اب سعودی عرب کی ناراضی کی بھی پروا نہیں کی جا رہی۔ چین نے بہت سے معاشی ومالیاتی اور سیاسی معاملات میں پاکستان کی اس قدر مدد کی ہے کہ اب اُسے سعودی عرب سے زیادہ حمایت حاصل کرنے کی ضرورت نہیں رہی۔ چین کو بھی برصغیر کے خطے میں بھارت جیسے بڑے حریف کو قابو میں رکھنے کیلئے مضبوط پاکستان درکار ہے۔ یہی سبب ہے کہ چین نے چند برسوں کے دوران کشمیر کے معاملے میں پاکستان کی غیر معمولی حمایت ومعاونت کی ہے۔ ہر بڑے بین الاقوامی فورم میں چین نے کشمیر کے مسئلے پر پاکستان کا کھل کر ساتھ دیا ہے۔ سرحدی تنازعات کے حوالے سے چین اور بھارت کے تعلقات کشیدہ تر ہوتے جا رہے ہیں۔ ایسے میں پاکستان کو چین کی طرف سے مزید حمایت وتعاون کی توقع رکھنی ہی چاہیے۔ باخبر ذرائع کا کہنا ہے کہ چین نے کشمیر کی بدلی ہوئی صورتِ حال کے تناظر میں عمران خان کی حکومت کو گلگت بلتستان کو مکمل صوبے کا درجہ دینے کی صورت میں بھرپور حمایت کا یقین دلایا ہے۔

جب سعودی عرب سے سفارتی معاملات خراب چل رہے تھے اور سعودی عرب نے پاکستان سے تین ارب کا قرضہ فوری چکانے کی بات کہی تب چین نے پاکستان کو ایک ارب ڈالر دیے تاکہ وہ سعودی عرب کو قرضہ ادا کر سکے۔ چین پہلے بھی اس نوعیت کی مدد کرتا رہا ہے۔ عمران خان بھی دوٹوک انداز سے کہہ چکے ہیں کہ پاکستان کا مستقبل اب چین سے وابستہ ہے۔ چین کے بیلٹ اینڈ روڈ انشیٹیو میں شامل سی پیک (چائنا پاکستان اکنامک کوریڈور) بھی پاکستان کیلئے انتہائی اہم منصوبہ ہے۔

چین جتنی بھی معاشی یا مالیاتی امداد دیتا ہے، اس میں بیشتر امداد بنیادی طور پر آسان قرضے کی شکل میں ہوتی ہے۔ پاکستانی قیادت بھی اس حقیقت سے باخبر ہے مگر پھر بھی عمران خان یہی کہہ رہے ہیں کہ پاکستان کیلئے چین بہت اہم ہے اور سی پیک بھی کم اہم نہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اس منصوبے کی تکمیل سے پاکستان کیلئے بہت سے معاشی مواقع پیدا ہوں گے۔ حال ہی میں چند اہم منصوبوں پر کام شروع ہوا ہے۔ فوج نے بھی آگے بڑھ کر اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت محسوس کی ہے تاکہ یہ منصوبے بروقت مکمل ہوں۔ چین کی طرف سے ملنے والی مالی امداد کے ساتھ اگر چند پیچیدگیاں بھی ہیں تو پاکستان ان کا سامنا کرنے کیلئے تیار ہے کیونکہ اسے فی الحال سعودی عرب سے تعلقات میں پیدا ہونے والی کشیدگی کا سامنا کرنا ہے۔

اللہ کی محبت کا حصول

انسان میں کئی طرح کی محبتیں بھر دی گئی ہیں، خود لے کر اپنی اولاد اور پھر مال تک وہ تمام محبتیں ہیں جو ہر کسی میں موجود ہیں۔ اس کے بعد اگلا درجہ ہے اپنے

عشاء مقبول

ساتھ کے رشتوں سے محبت کرنا اور پھر اس سے محبت کرنا جو دکھائی نہ دے۔ ان تمام اقسام کی محبتوں کے معیارات اور درجے بھی الگ ہیں، مگر ان سب پر جو محبت فوقیت رکھتی ہے وہ اس ذات کی ہے جس نے انسان کو بنایا پھر اس کے بھیجے ہوئے پیغام دینے والے سے محبت کرنا اور اس کے پیغام سے محبت کرنا۔

سوال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے ہی سب سے زیادہ محبت کیوں کی جائے؟ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کیوں ضروری ہے؟ اگر ہم کائنات اور کائنات میں موجود چیزوں کو دیکھے تو ہمیں اس کے بنانے والا کا خیال آتا ہے کہ یہ سب چیزیں کس نے بنائی اتنا منظم نظام کائنات کا کون چلا رہا ہے کوئی ایسی ہستی موجود ہے جو اس نظام کو چلا رہی ہے اللہ تعالیٰ نے ہمیں بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے اور ہم اس کی نعمتوں کا شکر ادا نہیں کر سکتے، بے شمار احسان ہم پر ہیں ہم نہ چاہتے ہوئے بھی اسے نظر انداز نہیں کر سکتے کوئی ہم پر جب احسان کرتا ہے تو ہم اس کے ساری زندگی احسان مند رہتے ہے تو اس ہستی کے ہم شکر گزار اور احسان مند کیوں نہ ہو اور اس سے محبت کیوں نہ کی جائے جس کے ہم پر بے شمار احسانات ہے ہمارا وجود اس کی مثال ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے "اور اللہ کے احسانات کو گننا چاہو تو تم نہ گن سکو گے۔" (ابرہیم)

محبت کو دیکھا جائے تو وہ دو طرح کی ہوتی ہے ایک محبت حسی وجبلی ہوتی ہے۔ جیسے ماں کو اپنے بچے سے ہوتی ہے اور ایسی محبت جانوروں میں بھی پائی جاتی ہے اور ایک محبت عقل کی بنیاد پر ہوتی ہے جو انسان کے ساتھ خاص ہوتی ہے جو عقل کی رہنمائی فرماتی ہے۔ مومن کی محبت کا تقاضا یہ ہے کہ صرف اللہ کی ذات سے محبت ہونی چاہیے۔ ارشاد ربانی ہے، "وہ لوگ جو ایمان لائے وہ سب سے زیادہ اللہ سے محبت رکھتے ہیں" (البقرہ)

اللہ نے ہمارے اوپر بے شمار احسانات کیے ہیں جن کو گننا نہ ممکن ہے، مگر کچھ احسانات وہ ہیں جن کو دیکھ کر ہمیں محسوس ہوگا کہ اللہ سے سب سے زیادہ محبت کیوں کی جائے۔ اس نے ہمیں زندگی جیسی انمول نعمت عطا کی، ہمیں عقل وشعور عطا کیا جو ہمیں دیگر مخلوقات سے ممتاز کرتا ہے، زندگی کے ساتھ ساتھ اس زمین میں رہنے کے تمام اسباب عطا کیے، خلافت ارضی عطا کی، ہماری رہنمائی کے لیے انبیاء کرام اور پیغمبر اور رسول بھیجے، ہم پر اپنے پیارے نبی (صلی علیہ وآلہ وسلم) کے ذریعے اپنی آسمانی کتاب بھیجی جو نہ صرف دنیا میں ہماری رہنمائی کریں گی بلکہ اخرت میں بھی ہماری شفاعت کا ذریعہ بنے گی، وہ مشکلات میں ہماری مدد کرتا ہے ہماری فریاد سنتا ہے اور ہمیں بے سہارا نہیں چھوڑتا، وہ ہمارے حق میں بہت مہربان اور سدا رحم کرنے والا معاف کرنے والا ہمارے گناہوں پر پردہ پوشی کرنے والا ہماری توبہ قبول کرنے والا ہے۔

ان احسانات کا مطلب ہے کہ ہم بھی اللہ سے محبت کریں، اس کے بتائے ہوئے طریقوں پر زندگی گزاریں، اس کی بندگی کے حقوق کو ادا کریں۔ اللہ تعالیٰ کی محبت کے کچھ طریقے وتقاضے ہیں ایسی چیزیں جو اس کو ناپسند ہے اسے نہیں کرنا چاہیے جو اسے پسند ہے اس پر عمل کرنا چاہیے اسی طرح ہم اس کی محبت کے مستحق بن سکتے ہیں۔

جس سے محبت کی جاتی ہے اس کی پسند اور ناپسند کا خیال رکھا جاتا ہے۔ اللہ کی محبت کا یہ تقاضا ہے جو چیز اسے ناپسند ہے اسے نہیں اختیار کرنا چاہیے جو پسند ہے اسے اختیار کرنا چاہیے جیسے کہ اللہ کو جو چیزیں نہ پسند ہے چند یہ ہیں۔ ہمیں صرف اللہ ہی کی عبادت کرنی چاہیے شرک نہیں کرنا چاہیے اور ہر قسم کے شرک سے بچنا چاہیے کیونکہ شرک ایک ایسا عمل ہے جو اللہ کو انتہائی ناپسند ہے۔ اس کی بابت اللہ پاک نے قرآن میں ارشاد فرمایا "آپ (صلی علیہ وآلہ وسلم) کہہ دیجئے کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری اتباع کرو پھر اللہ تم سے محبت کریں گا"۔

اللہ کی محبت کیسے حاصل کی جا سکتی ہے، اس کی ہمیں قرآن سے بہتر رہنمائی ملتی ہے۔ اللہ پاک نے ارشاد فرمایا،

"بے شک اللہ احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے"۔
"بے شک اللہ تقویٰ کرنے والوں کو پسند کرتا ہے"۔
"بے شک اللہ پاکیزگی اختیار کرنے والوں کو پسند کرتا ہے"۔
"بے شک اللہ توبہ کرنے والوں کو پسند کرتا ہے"۔

اور کچھ اخلاق ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا جیسے کہ

"بے شک اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا"
"بے شک اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا"
"بے شک فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا"
Quran
Quran

مختصراً ہم یوں کہہ سکتے ہیں ہمیں وہ اخلاق اپنانے چاہیے جس سے ہم اللہ کی محبت کی مستحق بن سکتے ہے جیسے اللہ پسند فرماتا ہے اور ان اخلاق کو ترک کرنا چاہیے جو اللہ کو ناپسند ہے اس طرح ہم اللہ کی محبت حاصل کر سکتے ہے ایک مومن ہونے کی حیثیت ہمیں ان تمام معاملات پر عمل کرنا چاہیے ہم عارضی محبت کی خاطر وہ کام کرتے ہیں جو کہ کسی کام کے نہیں اور ایک ایسی محبت جو دائمی ہے ہمارے لیے نجات کا باعث ہے دنیا اور آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہے اس پر عمل کرنا چاہیے اور صحیح حقدار سے محبت کرنی چاہیے اس کی باتوں احکامات پر عمل کرنا چاہیے جو ہمیں بن مانگے عطا کرتا ہے اور ہم پر اپنا رحم وکرم کرتا ہے۔

اس محبت پر جان قربان (آخری قسط)

شعر گوئی کرتے گزار دی۔ آپ کی کیفیت کے بارے حضرت علامہ اقبال فرماتے ہیں (عشق نے میرے اندر آگ بھڑکا دی، زہے یہ عشق جس نے

طیبہ ضیاء

میری جان کو پھونک ڈالا) منصب ولایت کی بڑی علامت اطاعت محمدی ہے اور اطاعت نبی ہی اطاعت خداوندی ہے۔ حضرت اسمائؓ بنت یزید روایت کرتی ہیں کہ حضورؐ نے فرمایا "تم میں بہترین وہ لوگ ہیں، جن کے چہروں کو تکنا خدا کا ذکر بن جائے۔ (امام احمد بن حنبل، امام بخاری) حضرت عمر فاروقؓ سے روایت ہے کہ نبی کریمؐ نے فرمایا "لوگو! آج میں تمہیں ایک خاص بات بتانا چاہتا ہوں' غور سے سنو' اللہ کے بندوں میں ایسے بندے ہیں جو نہ نبی ہوں گے اور نہ شہید ہوں گے لیکن قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اپنے عرش کے آس پاس انہیں بھی اتنے مقام بلند پر بٹھائیں گے کہ انبیاء اور شہدا بھی رشک کریں گے اور عرض کریں گے کہ یا پروردگار، یہ نبی بھی نہیں شہید بھی نہیں، کیا بات ہے کہ ان کو بھی اس مقام پر بٹھایا گیا' صحابہ کرامؓ نے عرض کی، یا رسول اللہ فرمایئے وہ کون لوگ ہوں گے۔ اس مجلس میں ایک اجنبی صحابی بیٹھے تھے۔ پیچھے مجلس سے اٹھ کر آگے آگئے اور حیرانی سے عرض کیا، یا رسول اللہ، آپ نے کیا عجیب بات فرمائی ہے، وضاحت فرمائیں تاکہ ہم ان لوگوں کو پہچان سکیں۔ حضورؐ نے فرمایا' وہ لوگ مختلف علاقوں سے ہوں گے، مختلف شہروں سے ہوں گے، ان کے درمیان نہ رشتہ داری ہوگی، نہ ایک دوسرے کو جانتے ہوں گے مگر قیامت کے دن جب وہ آئیں گے، اللہ فرمائے گا، ان کے لئے نور کے منبر بچھا دو، اللہ پاک اپنے دستِ کرامت سے انہیں نور کی مجلسوں میں بٹھائے گا' پھر ان کے چہروں کو اللہ نور کر دے گا' ان کے لباس نور ہو جائیں گے۔ ہر شخص قیامت کے دن جب تھر تھر کانپ رہا ہوگا، انہیں نہ خوف ہوگا نہ غمزدہ ہوں گے۔ یہ اولیاء اللہ ہوں گے۔ حضرت عبداللہ ابن عباسؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریمؐ سے پوچھا گیا کہ "یا رسول اللہ، اولیاء اللہ کیا ہوتے ہیں' حضور نے فرمایا "اللہ کے ولی وہ لوگ ہوتے ہیں کہ انہیں دیکھا جائے تو خدا یاد آ جائے۔"۔۔۔ امت آقاؐ سے نسبت کا دم بھرتی ہے مگر اعمال اس قابل نہیں رہے کہ ہم اللہ کے حبیب سے محبت کا دعویٰ کر سکیں۔ محبت تو اللہ نے کی ہے اپنے حبیب سے، اس محبت پر لاکھوں سلام۔ شکریہ نوائے وقت

غمِ زندگی

آج پھر اک وحشت سی ہے گویا کہ زندگی میں کہیں قہر سا کوئی در آنے اور زندگی کو اک پل میں تبدیل کرنے کی کوئی بھیانک واقعہ ہونے والا ہے اس انہونی اور بے خبر در آنے والے حادثات کے لیے نہ

ندیم گرگناڑی

کوئی تیاری نہ کسی طرح کا دھڑکا۔ لیکن کہیں نہ کہیں دل کے اندر خوف کا سایہ۔ یہ خوف یہ ڈر اس لیے کہ گدھ کتے اور اژدھے سرے صبح یا سرے شام دوپہر یا سہ پہر بغیر رکاوٹ بغیر تردد کے اپنے اپنے سوراخ اپنے اپنے خوفناک ٹھکانوں سے نکل کر گلی محلوں سڑک سرابانوں سے بے گناہ نوجوانوں کو نوچنے ان کے لہو کو بہانے اپنے دل کی بھڑاس نکالنے کے لیے جس زر ضمیرے لالچ غیرت حمیت کو پسے پشت ڈال کر سرزمین باغیرت سرزمین حرمت سرزمین مسکن بہادر غازی کو لہو سے تر کر کے اپنے بیہودہ بے بیہودہ اور لالچ سے بھری اس ٹھکانے کی طرف رواں دواں جہاں بڑے بڑے گدھ کوے اور لومڑیاں انتظار میں کہ کسی نوجوان کے لاش کی بوٹی لگانے اور خوشی منانے کے لیے انواع واقسام کی کھانے تیار ہیں۔ اور صبح تک میخانے میں جام چھلکنے کی آوازیں آتی ہیں۔

کہیں گھروں میں لاشیں رکھی ہوئی ماتم آہ وفغاں ہیں تو کہیں گدھوں کی محفل میں رعنائیاں اور مسکان ہیں۔ گدھ اپنے تو لاش بھی اپنوں کے پیسے پرائیوں کے اور ہاتھ اپنے لالچ بے حیائی کی کوئی حد نہیں۔ اور یہ عمل تا وقت کہ جاری وساری ہے وہ وقت بھی آئے گا جب تاریخ ان گدھ نما چہروں پر تھوک کر ان کے قبروں کو آگ لگا دے گی۔

آج پھر شاشان اداس ہے آج پھر اک دردناک غم تازہ ہو کر زخم ناسور سے کرہانے لگی ہے کہیں بہنوں کی سسکیاں نکل رہے ہیں کہیں بھائی زخموں سے چور ہیں تو کہیں بیوائیں آنکھوں میں آنسو بھر کر بے چین زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔

ماں اگلے جہاں میں ملنے کی آرزو میں جلد اس دنیا کو چھوڑنے کی تمنا لیے آنسوں سے تہجد نماز پڑھتی ہے باپ الفاظوں کو نچوڑ کر ان کے لہو سے اک اداس چمن کی آبیاری کے لیے نوحہ شاشان سے غروب آفتاب کی روشن کرنوں کو بانہوں میں لینے کی جستجو میں ہے۔ یہی اداس شام میری تمام ہستی کو اک آن میں بھسم کر دیا۔ نہ کوئی وہم نہ کوئی گمان تھا کہ پل میں زندگی اجڑ جائے گی۔

زندگی کو اجاڑنے والو آخر وہ کونسا لالچ تھا کہ ہر سڑک ہر گلی ہر محلے میں پھولوں کو مسل کر تم پر سکون زندگی گزار رہے ہو۔ اور جس طرح تم نے ہمارے پھولوں کو مسل دیا ہے اک دن تمہارے پھول بھی مسلے جائیں گے۔ اور آج بھی تمہارے چہرے سے عیاں ہے کہ تم سکون کی نیند کے لیے زندگی بھر بلکتے رہو گے۔

اے وادی خضدل آج تیرے دامن پر سر رکھ کر آنسوں سے تیرے وادی کے در و دیوار گلی محلہ جھیل وبیابان کے ہر کنارے ہر نکڑ ہر کنڈ کونے کو تر کر دوں تیرے گردن میں بانہیں ڈال کر وہ ماتم لکھ دوں کہ یہ ماتم مرثیہ بن کر حلوائی کی پہاڑ کو موم کر دے۔ اے خضدل تیرے پیٹھ پر تھپکی دیدوں تجھے حیف اور شاباش ہے کہ تو کتنے جوانوں کی لہو سے تر ہے مگر کہیں تیرے منہ سے آہ بھی نہیں نکلتی۔ اے خضدل تیرے صبر کو سلام تیرے شکر کو سلام۔ (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

نواز شریف کو واپس لا کر جیل میں ڈالیں گے۔ عمران خان

مولانا صاحب۔۔ چوروں نہیں عوام کے امام بنیں

مولانا آ رہا ہے۔۔ یہ الفاظ اور نعرہ سن کر ہمیں جماعت اسلامی کے مرحوم امیر قاضی حسین احمد

عمر خان جوزوی

صاحب یاد آنے لگتے ہیں۔۔ قاضی صاحب بھی نہ صرف اپنی ذات۔۔ صفات اور کمالات میں ایک بہت بڑے مولانا فضل الرحمن تھے ب

شال بقیہ 1

جانوں کی قربانی دے اور آپ کی پارٹی کے ممبر اکیسویں گھنٹوں پی ایس ڈی پی اور کاموں کے پیچھے دوڑائی کریں صد افسوس کہ پنجاب کے عوام سے زیادہ ہمیں بلوچستان عزیز ہے یہ عجیب محبت ہے جو پانچ سال حکمرانی میں نہیں لائی سیلاب میں نہیں لائی برف میں نہیں لائی کورونا میں نہیں لائی بلکہ اس اسٹیج پر بیٹھے کسی کو بلوچستان کبھی یاد نہیں آیا ہے۔

شال بقیہ 2

خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اتنا بڑا جلسہ دیکھ کر میرا یقین اور بھی پختہ ہوگیا ہے، انشاء اللہ اب ووٹ کی عزت کوئی پامال نہیں کر سکے گا، پامال کرنا تو دور کی بات ہے، انشا اللہ اب ووٹ کی عزت کی طرف کوئی میلی آنکھ سے بھی نہیں دیکھ سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ جو جذبہ گوجرانوالہ اور کراچی میں دیکھا وہی جذبہ کوئٹہ میں دیکھ رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ وقت آگیا ہے کہ ہم اپنی تقدیر بدلنے کیلئے ابھر اٹھ کھڑے ہوں، اللہ انہی کی مدد کرتا ہے جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے کہ پاکستان کے ہر گوشے کے عوام اپنی قسمت بدلنے کیلئے ایک ہی قافلے کا حصہ بن گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اپنے دوست میر حاصل بزنجو کی شدت کی یاد آرہی ہے وہ اپنے والد کی طرح جمہوریت کے سچے اور کھرے علمدار تھے، ان کی موت ملک وقوم کیلئے بڑا نقصان ہے وہ ہر فورم پر پوری جرات کے ساتھ اپنا موقف پیش کرتے تھے، اللہ تعالیٰ خاص رحمتوں سے نوازے۔ انہوں نے کہا کہ محسن داوڑ اور ندیم اصغر کو کوئٹہ ائیر پورٹ پر سکیورٹی کے نام پر گرفتار کیا گیا ہے اور کسی نامعلوم جگہ پر منتقل کر دیا گیا ہے، ہم سب اس عمل کی سختی سے مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی کے نام پر اس طرح کے اقدامات ہماری ریاست کو پہلے بھی بدنام کرتے رہے ہیں اور آج بھی کر رہے ہیں بے افسوس کی بات ہے۔

شال بقیہ 3

زخمی ہوئے ہیں، ہلاکتوں اور زخمیوں کی تعداد میں اضافے کا بھی خدشہ ہے دھماکا خیز مواد موٹر سائیکل میں نصب تھا اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے جائے وقوعہ کا محاصرہ کر کے شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیئے ہیں خیال رہے کہ کوئٹہ میں اپوزیشن جماعتوں کے اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کا جلسہ بھی جاری ہے اور نیکٹا نے بلوچستان میں تھریٹ الرٹ بھی جاری کر رکھا تھا وزارت داخلہ بلوچستان نے پی ڈی ایم کے جلسے کے پیش نظر آج کوئٹہ میں موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی عائد کرنے کے ساتھ موبائل اور انٹرنیٹ سروس بھی بند کر رکھی ہے۔

شال بقیہ 4

کے بس کی بات نہیں باپ کے بیٹر ہمارے شیروں کا مقابلہ نہیں کر سکتے گوادر میں سی پیک سے کوئی ترقی نہیں ہوئی جزائر پر قبضہ کرنے کی مذمت کرتے ہیں پی ڈی ایم کے زیر اہتمام شہدائے جمہوریت کے عنوان سے منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان جاگ رہا ہے جب بھی بلوچستان جاگتا ہے تو کافی لوگوں کی نیندیں حرام ہوجاتی ہیں بلوچستان کے غیور عوام نے ہمیشہ جمہوریت کا الم بلند رکھا ہے لیکن جمہوریت کے ادوار میں بلوچستان کو کچھ حاصل نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں ہر قوم کے لوگ آباد ہیں یہ علاقہ انگریز دور میں چھوٹا لندن کہلاتا تھا یہاں پر پھل، پھول، بصنوبر کی خوشبو ہوتی تھی لیکن آج ہمارے بچوں، بزرگوں، نوجوان نسل کے خون کی بدبو لاشوں پر بین کرتی عورتیں، بچے نظر آرہے ہیں ماں باپ دس، دس سال سے اپنے بچوں کے منتظر ہیں خانہ بدوشوں کی بجائے لاشوں کے ڈیرے ہیں اجتماعی قبریں مل رہی ہیں ہم سے ہماری مسکراہٹیں چھین لی گئی ہیں۔

شال بقیہ 5

تھانے کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر جسٹس جناب ہاشم خان کاکڑ، جسٹس جناب کامران خان ملا خیل، جسٹس جناب عبداللہ بلوچ، رجسٹرار بلوچستان ہائی کورٹ راشد محمود، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کیپٹن آفتاب اون، سیکرٹری ٹو چیف جسٹس ملک شعیب سلطان و دیگر چیف جسٹس کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ بار کونسل میں وکلاء سے ملاقات کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر قلعہ اللہ چمن طارق جاوید جاوید میتگل، ڈی پی او جعفر خان، اے ڈی سی جنرل سید فاروق شاہ بھی موجود تھے۔ امجد خان اچکزئی ایڈوکیٹ اور سمیع اللہ اچکزئی نے ڈسٹرکٹ بار کی جانب سے درپیش مسائل سے چیف جسٹس کو آگاہ کیا، چیف جسٹس نے وکلاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نچلی عدالتوں کے مسائل کو حل کرنا اور وہاں پر سہولیات کی فراہمی ہماری ترجیحات میں شامل ہیں تاکہ قانونی مقدمات بلا تاخیر اپنے منطقی انجام کو پہنچ سکیں۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا کہ عدالتوں کا کام سائلین کی دادرسی کرکے انہیں انصاف مہیا کرنا ہے جبکہ عوامی مسائل کے حل کیلئے حکومت اور متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داری ہے، انہوں نے کہا کہ انصاف کے بغیر کوئی معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا، بلا امتیاز انصاف ہر شہری کا آئینی حق ہے۔

شال بقیہ 6

پاکستانیوں کا دل دھڑکتا ہے، آج پاکستان میں امن ہے تو اس کے پیچھے وردی ہے، آج ہم پرسکون طریقے سے یہاں کھڑے ہو کر اپنے دشمن کے خلاف بات کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں پی ڈی ایم کے جلسے میں نیکٹا کی جانب سے تھریٹ الرٹ جاری ہونے کے باوجود بلوچستان حکومت اور تمام سیکورٹی اداروں فل پروف سیکورٹی فراہم کی گئی اور کمس اچار کے کوئٹہ کے جلسے میں حکومت کی جانب سے کوئی رکاوٹ نہیں ڈالی گئی بلکہ انہیں کھلی چھوٹ دینے کے باوجود بلوچستان عوام نے جلسے کو مسترد کر دیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ آج پی ڈی ایم کے جلسے کے سٹیج پر جو اکھٹے بیٹھے ہوئے تھے انہیں ہی لوگوں نے کل تک بلوچستان قومیت کے نام پر غریب عوام کو لڑاتے رہے لیکن آج جب انکی اپنی مفادات کا وقت آیا تو یہ سب کچھ بلا کر ایک سٹیج پر اکھٹے بیٹھ گئے یہی وجہ ہے کہ عوام اب باشعور ہو چکے ہے اور اب انکے جھوٹے نعروں سے انہیں ورغلایا نہیں جاسکتا ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ فضل الرحمان نے کمس اچار پارٹی کی کرپشن پر پردہ ڈالنے کی ٹھان لی، اس کردار کو بخوبی نبھانے پر مولانا کا مولانا نواز شریف زرداری ※ کا لقب ملا، نواز شریف کو سکیورٹی رسک قرار دینے والے آج ان کا دفاع کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک وقت تھا جب مولانا فضل الرحمان عورت کی حکمرانی کے خلاف فتوے دیا کرتے تھے، قسمت کی ستم ظریفی دیکھئے، آج وہی مولانا تھالی کے بینگن کی طرح بیگم صفدر اعوان کے جانب لڑھک آئے ہیں، مولانا فضل الرحمان آل شریف کی کرپشن، منی

لانڈرنگ، اقربا پروری اور قوم سے بیوفائی کو تحفظ دینے کے لیے میدان میں نکل پڑے ہیں۔ صوبائی وزیر نے بلوچستان کے نام نہاد بلوچ پشتون قوم پرستوں جماعتوں پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ مرکز میں عمران خان اور بلوچستان میں بی اے پی کی حکومت کا تو صرف دو، ڈھائی سال کا عرصہ ہو چکا ہے ماضی میں تو یہی نام نہاد مسترد شدہ پشتون و بلوچ قوم پرستوں جماعتیں ہمیشہ اقتدار میں رہے انہیں اپنے دور حکومتوں میں بلوچستان کے حقوق کا خیال کیوں نہیں آیا اور بلوچستان کی پسماندگی بربادی کے ذمہ دار یہی بلوچ، پشتون قوم پرست اور مذہبی جماعتیں ہے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کوئٹہ ہزار گنجی میں بم دھماکہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے دھماکے میں قیمتی جانوں کے ضیاء پر شدید دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی پرامن حالات خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دینگے بے گناہ معصوم لوگوں کو نشانہ بنانے والے چند لوگوں کی خاطر بے گناہ لوگوں کا خون بہا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبے میں قیام امن کیلئے صوبائی حکومت عوام اور تمام سیکورٹی ادارے ایک پیج پر ہے انہوں نے کہا کہ ہزار گنجی دھماکہ میں شہدا کے غمزدہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہے اور دھماکے میں ملوث دہشتگرد عناصر کے خلاف سخت سے سخت کارروائی ہوگی۔

شال بقیہ 7

، ہماری اسٹیبلشمنٹ جعلی حکومت کی پشت پناہی سے دستبردار ہوجائے، ادارے اپنی غلطی تسلیم کریں تو ہم آنکھوں پر بٹھائیں گے، ہمیں چوسیوں اور بھتگیوں کی حکومت نہیں چاہیے، جعلی حکمرانوں کیخلاف تحریک زور سے آگے بڑھے گی۔ اتوار کو جلسے سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ گفتگو سے پہلے ایک قرار داد پیش کرنا چاہتا ہوں کہ فرانس میں فرانس کے صدر حکم پر گستاخانہ خاکے عام دیواروں پر چسپاں کیے گئے ہیں جس سے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فرانس اور ڈنمارک نے بڑا ظلم کیا ہے، ہم انہیں بتانا چاہتے ہیں کہ اسلام ایک امن پسند دین ہے تاہم آپ کے توہین آمیز اقدامات شدت کی طرف دھکیل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب اس بات پر متفق ہیں کہ ایسے ناپاک اقدامات فوری طور پر روک دیے جائیں، یورپ کی ایک عدالت نے اس کو اظہار آزادی کہنے سے مترادف قرار دیا اور اس کو جرم قرار دیا ہے تو پھر حکمرانوں کی سطح پر اس طرح کام ہوں گے تو پھر ردعمل آئے گا۔

شال بقیہ 8

حفیظ چوہدری نے کہا کہ ترقی یافتہ ممالک کے سیاستدانوں کی جانب سے آزادی اظہار رائے کی آڑ میں سیاسی فوائد کیلئے اسلام کو دہشت گردی کے مساوی قرار دینا قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی انسانی حقوق کے تحت اظہار رائے کی آزادی کے حق کا استعمال اس کے ساتھ خصوصی فرائض اور ذمہ داریاں انجام دیتا ہے۔ زاہد حفیظ چوہدری نے کہا کہ نسل پرست نظریات کا پھیلاؤ، بدنامی اور دوسرے مذاہب کی تضحیک، مذہبی شخصیات کی توہین، نفرت انگیز تقریر اور تشدد پر اکسانے کو آزادی اظہار کا نام نہیں دیا جاسکتا۔ دفتر خارجہ کے مطابق بین المذاہبی منافرت، دشمنی اور محاذ آرائی کی خواہش رکھنے والی اس طرح کی غیر قانونی اور اسلاموفوبیا کی کارروائیاں، کرائسٹ چرچ جیسی ہولناک دہشت گردی کی وارداتوں کی اصل بنیاد ہیں اور اس طرح تہذیبوں کے مابین امن اور ہم آہنگی کے مستقبل کے امکانات کو متاثر ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہولوکاسٹ سے انکار جیسے حساس معاملات کیلئے مجرمانہ قوانین موجود ہیں، کچھ مغربی ممالک میں چند سیاست دانوں نے مسلمانوں کے جذبات کی توہین کا جواز پیش کیا ہے یہ دوہرے معیار کی عکاسی ہے۔ زاہد حفیظ چوہدری نے کہا کہ پاکستان نے مذہب یا عقیدے کی بنیاد پر عدم رواداری، امتیازی سلوک اور تشدد سے نمٹنے کیلئے بین الاقوامی کوششوں کی ہمیشہ حمایت جاری رکھی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان، مذہب یا عقیدے کی بنیاد پر ہر طرح کے تشدد کی مذمت کرتا ہے۔

شال بقیہ 9

سینیٹ کے انتخابات کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں، برطانیہ ایف اے ٹی ایف کا رکن ہے اسے چاہیے کہ وہ شریف اور ڈار خاندان سے پوچھے انہوں نے لندن میں اربوں روپے کے اثاثے کیسے بنائے، مسلم لیگ (ن) والے اور پیپلز پارٹی والے چاہتے ہیں کہ جیل میں بھی نہ جائیں اور قوم کے لوٹے ہوئے پیسے واپس دینے سے بھی بچ جائیں، اگر آپ جیلوں میں نہیں جانا چاہتے تو پلی بارگین کریں اور پیسے واپس کریں، وزیر اعظم عمران خان مہنگائی پر قابو پانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں اور اس کے لئے پیچ دیا جارہا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری نے کہا کہ کیا حسن اور حسین نواز بل گیٹس یا مارک زکر برگ ہیں جن کے پاس اربوں ڈالر آگئے، دونوں بھائیوں نے تو زندگی میں کوئی کام ہی نہیں کیا، پی ڈی ایم کے جلسوں کا مقصد صرف اور صرف مقدمات ختم کرانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم میں شامل جماعتیں بظاہر ایک لیکن اندر سے ان کے اپنے اپنے مفادات ہیں، مسلم لیگ (ن) اور جے یو آئی (ف) چاہتی ہے کہ سسٹم ختم ہو جائے جبکہ پیپلز پارٹی کی مختلف سوچ ہے کیونکہ وہ اس وقت سندھ حکومت کا حصہ ہے، ان کا ایک ہی مقصد ہے۔

شال بقیہ 10

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قاسم سوری نے کہا کہ کورونا لہر میں تیزی کے دوران الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے خدمات انجام دینے والوں کیلئے تعریفی اسناد تقسیم ان افراد کی صلاحیتوں کا اعتراف اور حوصلہ افزائی ہے۔ ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری نے کہا کہ کورونا کے عروج میں شہادت پانے والے عظیم انسان تھے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی فلاحی ریاست کا قیام تحریک انصاف حکومت کی ترجیح ہے، کوشش ہے قیام پاکستان کے مقاصد حاصل ہوں، انتہائی کم مالی وسائل کے باوجود پاکستان نے کورونا وباء پر قابو پایا۔ انہوں نے کہا کہ ترقی پزیر ممالک میں تو کورونا وباء کے عروج پر سٹورز تک بھی لوٹے گئے جبکہ بڑے ممالک میں علاج کی سہولتیں بھی کم رہیں اللہ کا شکر ہے کہ غربت کے باوجود کورونا وباء میں ہم نے قوم کی ہر ممکن خدمت کی جبکہ دنیا کی پیشن گوئی تھی پاکستان میں تقریباً 80 ہزار لوگ کورونا سے مریں گے مگر اللہ پاک نے خاص کرم کیا۔ احساس پروگرام سے مستحقین میں اربوں روپے تقسیم کئے گئے کورونا بحران کے باعث پاکستان میں ایک چھوٹی سی دکان بھی نہیں لوٹی گئی، وزیر اعظم کے ویژن سے کورونا پر قابو پایا آج پوری دنیا پاکستان کی تعریف کر رہی ہے، اسلام کے قلعہ پاکستان کی حفاظت اور اس میں انصاف کا معاشرہ قائم کریں گے، وہ وقت دور نہیں جب پاکستان دنیا بھر میں باعث فخر بنے گا۔

شال بقیہ 11

کو شرمندگی اٹھانی پڑی۔ اتوار کو یہاں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ جو عمران خان نے شروع کیا ہے یہ جہاد اور بہت بڑی جنگ ہے، یہاں پر جو لوگ آپ کو نظر آتے ہیں وہ اس جنگ میں مہرے تو ہوسکتے ہیں تاہم اصل کردار اسرائیل اور انڈیا کا ہے۔ پریس کانفرنس کے دوران مراد سعید نے پاکستان کے خلاف بھارتی سازشوں کے حوالے سے ویڈیوز بھی دکھائیں اور کہا کہ کبھی ہم نے سوال کیا کہ آخر کیا وجہ ہے کہ اسرائیل اور انڈیا عمران خان کے خلاف مہم چلا رہے ہیں؟ جس کے بعد ان کی جانب سے پڑوسی ملک بھارت کی ایک ویڈیو دکھائی گئی جس میں کہا جارہا تھا کہ پاکستان میں عمران خان کی الٹی گنتی شروع ہوگئی ہے، عمران خان کی کرسی اب جانے والی ہے۔

شال بقیہ 12

جائے وہ کم ہے انہوں نے کہا کہ خواہش نہیں کرتے پھل جھولی میں' وقت کی شاخ کو میرے دوست ہلانا ہوگا' کچھ نہیں اندھیرے کو برا کہنے سے' اپنے حصہ کا دیا خود ہی جلانا ہوگا۔

شال بقیہ 13

کا رڈ اٹھا رکھے تھے جب کہ جلسہ گاہ میں لاپتہ افراد کے خاندانوں نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی لاپتہ افراد کے اہل خانہ نے اپنے پیاروں کی تصاویر اٹھا رکھیں تھیں دوسری جانب اپوزیشن کے جلسے کے موقع پر کوئٹہ میں ایک روز کے لیے دفعہ 144 نافذ کی گئی اور موٹر سائیکل کی ڈبل سواری پر پابندی عائد کی گئی جب کہ اس دوران موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس بھی بند رہی جلسے کے موقع پر شہر میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے اور جلسے کے لیے 5000 سے زائد اہلکار تعینات کیے گئے جب کہ جلسہ گاہ کی ڈرونز کی مدد سے بھی نگرانی کی گئی۔

شال بقیہ 14

مریم نواز غصے سے بھری ہوئی اور بوکھلاہٹ کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اخلاقی دیوالیہ پن کا شکار اور مفرور قوم کی قیادت کے اہل نہیں ہوسکتے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے کرپٹ ٹولے کے خلاف قوم کو جگایا ہے اور وہ کرپشن کے خلاف جدوجہد سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔

شال بقیہ 15

نہیں کرسکتا۔ اپوزیشن جماعتیں حکومت سے عوامی مسائل مہنگائی بے روزگاری، بدامنی، تعلیم یا صحت پر نہیں، یہ اقتدار اور باریوں کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن عوام کو دھوکہ نہیں دے سکتیں۔ ملکی مسائل کا حل صرف نظام مصطفیٰ کے نفاذ میں ہے۔ قرآن و سنت کے نفاذ کیلئے جدوجہد کرنا حضورؐ سے محبت و عقیدت کا بہترین اظہار ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصورہ میں تربیتی ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ حکومت نے ہر وہ کام کیا ہے جس کے نہ کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ جس کا وعدہ کیا تھا وہ ایک بھی کام نہیں کیا۔ موجودہ حکومت سابقہ حکومتوں کا مجموعہ اور سابقہ حکومتوں کی پالیسیوں پر گامزن ہے۔ جو وزیر مشیر مشرف، ن لیگ اور پیپلز پارٹی میں تھے وہی موجودہ حکومت کی کابینہ میں شامل ہیں۔ سابقہ حکومتوں میں ناکامیوں اور کرپشن کی داستانیں رقم کرنے والوں کو نہلا دھلا کر موجودہ حکومت میں شامل کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 16

گے جن میں 8 ہزار 988 موبائل ٹیمیں، 941 فکسڈ سائٹ او 594 ٹرانزٹ پوائنٹس شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت دنیا بھر میں پاکستان اور افغانستان دو ایسے ممالک ہیں جہاں پر پولیو وائرس موجود ہے۔ سال 2020 میں پورے ملک میں اب تک 79 پولیو کیسز رپورٹ ہوئے جس میں سے بلوچستان سے 23 کیسز رپورٹ ہوئے ہے۔ پولیو کو ہرانے کی جنگ میں والدین، سیاسی حلقوں، علما کرام اور انتظامیہ کا کردار نہایت اہم ہے۔ ان کی مثبت سوچ، رویوں اور مدد کی بدولت پولیو کی مہم کامیابی سے ہمکنار ہوسکتی ہے۔

شال بقیہ 17

آمیز خاکوں کی مسلسل اشاعت اور اس بار ان خاکوں کی فرانسیسی صدر کی جانب سے پذیرائی کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ فرانس میں کھیار توہین آمیز خاکے شائع ہوئے ہیں مگر ہم ہمیشہ اس سے کسی فرد کا انفرادی عمل قرار دے کر نظر انداز کرتے رہے مگر اس بار توہین آمیز خاکوں کی نہ صرف سرکاری سطح پر پذیرائی کی گئی بلکہ سرکاری طور پر اس سے آویزاں کرنا اور فرانسیسی صدر کی جانب سے اس کی حمایت میں تقریر مسلم امہ کے خلاف اعلان جنگ ہے جس کے ردعمل میں ترکی نے فرانس سے احتجاج کرتے ہوئے سفارتی تعلقات منقطع کئے پاکستان اور دیگر مسلم ممالک کو بھی اس سلسلے میں فوری طور پر فرانس سے احتجاج کرنا چاہیے انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ بلوچستان کے تاجروں سے پرزور اپیل کی ہے کہ گستاخانہ خاکوں کی اشاعت پر دو فرانسیسی اشیاء کی خرید و فروخت کا بائیکاٹ کر کے اپنا دینی فریضہ ادا کریں۔

شال بقیہ 18

خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجتماع سے ڈپٹی سیکرٹری جنرل حافظ ساجد انور، سید بختیار معانی اور امیر ضلع مولانا سلطان محمد نے بھی خطاب کیا۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ نااہل اور ناکام حکمران کی وجہ سے قومی اداروں کے خلاف نفرتیں بڑھ رہی ہیں۔ تمام ریاستی ادارے غیر جانبدارانہ کردار ادا کریں۔ عام آدمی کے مسائل حل کرنے کیلئے حکومت کو پوری سنجیدگی سے فیصلہ کرنے کی ضرورت ہے۔ حکومت جمہوری روایات کی پاسداری کر کے عوامی مسائل حل کریں۔ جماعت اسلامی اپنے مشن کے مطابق انتخابی اور سیاسی عمل میں حصہ لے رہی ہے۔ اپنے منصوبہ عمل کے مطابق رابطہ عوام مہم چلا رہے ہیں۔ انتخابات میں حصہ اپنے نام جھنڈے اور نشان پر لیں گے۔ جماعت اسلامی کے ارکان تنظیم میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ خیبر تا کراچی عوامی مسائل کو حل کرنے کیلئے جماعت اسلامی ہر محاذ پر حقیقی اپوزیشن کا کردار ادا کرتی رہے گی۔

شال بقیہ 19

لینگی۔ جن میں 8 ہزار 988 موبائل ٹیمیں، 941 فکسڈ سائٹ او 594 ٹرانزٹ پوائنٹس شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت دنیا بھر میں پاکستان اور افغانستان دو ایسے ممالک ہیں جہاں پر پولیو وائرس موجود ہے۔ سال 2020 میں پورے ملک میں اب تک 79 پولیو کیسز رپورٹ ہوئے جس میں سے بلوچستان سے 23 کیسز رپورٹ ہوئے ہے۔ پولیو کو ہرانے کی جنگ میں والدین، سیاسی حلقوں، علماء کرام اور انتظامیہ کا کردار نہایت اہم ہے۔ ان کی مثبت سوچ، رویوں اور مدد کی بدولت پولیو کی مہم کامیابی سے ہمکنار ہوسکتی ہے۔

شال بقیہ 20

صوبائی حکومت کے پالیسیوں کو مسترد کرتے ہے موجودہ وفاقی و صوبائی حکومت نے قیمتوں میں اضافہ کیا حکومت نے تاجر برادری اور عوام پر مہنگائی مزید بڑھا کر کے قیمتوں میں مزید ٹیکس لگایا جس سے ہر چیز کی قیمت میں اضافہ ہوتا جارہا ہے جن کی وجہ سے آٹا چینی ادویات غریب عوام کی پہنچ سے دور ہے جب تک ٹیکس کم نہیں ہوگا اس وقت تک قیمتیں کم نہیں ہوسکتا اور مزید مہنگائی ہوگا جب تک وفاق سے قیمت کم نہ ہو اور عوام کو سہولت نہ ملے اس وقت تک قیمتوں میں کمی نہیں آسکتا تاجر برادری نے اج کے جلسہ میں شرکت کر کے تاجروں کے حقوق کا حق ادا کر دیا دریں اثنا تندور الشویشن کے احتجاج کے حمایت کرتے ہوئے کہا کہ جب آٹا مہنگا ہوگا تو تندور والے کو مجبوراً" قیمت بڑھانا ہوگی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ پر اس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس بولا کر ریٹ کا تعین کر دے ورنہ مرکزی انجمن تاجران بلوچستان تندور الشوشن کے صدر نعیم خلجی محمد رضا کے ساتھ مل کر احتجاج اور شٹر ڈاؤن کا اعلان کریں گے۔

شال بقیہ 21

عبداللہ عابد سردار فرید اللہ دمڑ عبدالمالک کاکڑ عبدالغنی درانی حمید ترکئی حاجی عبدالخالق حاجی جبار کاکڑ نے نواں کلی گلستان ہاؤس میں پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا کی عیادت کی اور ان کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی یاد رہے کہ مابت کاکا پی ڈی ایم جلسے کی تیاریوں کے سلسلے میں ایک اجلاس سے واپسی پر سیڑھیوں میں گرنے کی وجہ سے علیل ہوگئے تھے۔

شال بقیہ 22

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی خصوصی آگاہی مہم جاری ہے جس کا مقصد تعلیمی اداروں میں بچوں کو صحت افزا و معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانا اور غذا سے متعلق اہم مسائل کو اجاگر کرنا ہے۔ اس سلسلے میں ہفتہ کے روز بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے مختلف تعلیمی اداروں کا دورہ کیا، اداروں کے متعلقہ حکام کو فوڈ سیفٹی، بچوں کے لئے فائدہ مند اور مضر صحت اشیاء خورد و نوش بارے آگاہی دی گئی جبکہ اس سلسلے میں بی ایف اے کی مطلوبہ معیار پر مبنی وضع کردہ ہدایات ناموں کی کاپیاں بھی متعلقہ حکام کو فراہم کی گئیں۔ کینٹینر کی اسپیکشن کے دوران متعدد ناقص اور مضر صحت اشیاء کی نشاندہی کرتے ہوئے کینٹین مالکان کو فوری طور پر ان اشیاء کی فروخت بند کرنے جبکہ ان کی جگہ معیاری و محفوظ مصنوعات رکھنے کی ہدایت کی گئی۔

شال بقیہ 23

میں جلسے کی سیکیورٹی کیلئے ہزاروں اہلکار تعینات رہے پی ڈی ایم کے کوئٹہ جلسے کے لیے ایوب اسٹیڈیم کے فٹ بال گراؤنڈ میں تیاریاں مکمل کر لی گئی۔

شال بقیہ 24

کے مطابق ترک وزیر برائے قومی دفاع محترم ہولوسی اکار نے کہا کہ بہترین کوالٹی، کم لاگت اور انتہائی کم مدت میں اس جہاز کی تعمیر اہم کامیابی ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ پاکستان اور ترکی کے برادرانہ اور دفاعی تعلقات کو مزید فروغ دے گا۔ زبیدہ جلال نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ بحری جہاز کی مقامی سطح پر تعمیر خود انحصاری کیحصول میں خوش آئند ہے۔ ترجمان کے مطابق مینیجنگ ڈائریکٹر کراچی شپ یارڈ نے کہا کہ اس منصوبے کی تعمیر سے مقامی جہاز سازی کی صنعت اور کراچی شپ یرا ڈ کی صلاحیتوں میں مزید اضافہ ہوگا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق جہاز سطح آب زیر آب اور فضا میں مار کرنے والے ہتھیاروں اور اسٹیٹ آف دی آرٹ سینسرز سے لیس ہے، جہاز کی تعمیر 2024 میں مکمل ہو جائے گی، جہاز کی پاکستان کے بحری بیڑے میں شمولیت سے خطے میں امن و امان اور استحکام کو فروغ حاصل ہوگا۔

شال بقیہ 25

گزشتہ ایک ماہ میں ڈالر کی قیمت میں 6 روپے سے زائد کمی ہوچکی ہے۔ ستمبر میں اکاؤنٹ نوٹیفکیشن کے وقت ڈالر 168 روپے کا تھا جو کہ کم ہو کر 162 کا ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے ہفتے میں 100 ملین یومیہ آرہے تھے جو اب بڑھ کر 300 ملین روپے یومیہ ہوگئے ہیں۔ روشن ڈیجیٹل کے اعلان کے بعد بڑے پیمانے پر لوگ ڈالر فروخت کر رہے ہیں لیکن خریداری کم ہے۔ منی ایکسچینج کاؤنٹر پر یومیہ 10 سے 12 ملین ڈالر فروخت کے لیے ہیں جو حکومت پاکستان کو دے رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ افغان بارڈر اس وقت سرد بنا ہوا ہے کراس بارڈر کی وجہ سے 10 سے 15 ملین ڈالر وہاں سے نکل جاتا ہے۔ چمن بارڈر سے جانے والوں کے لیے ڈالر کی حد کم کیا جائے یا سال کا کوٹہ مقرر کیا جائے۔ کورونا میں لاک ڈان کی وجہ سے ڈالر کی فروخت بہت کم ہوگئی تھی۔ صدر فاریکس ایسوسی ایشن نے کہا کہ بیرون ملک سے ترسیلات زر میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ اگست کے مہینے میں ریکارڈ پونے 3 ارب ڈالر کی ترسیلات زر آئیں۔ گزشتہ دو ماہ سے بھی 2 ارب ڈالر ترسیلات زر آرہی ہیں۔ ترسیلات زر کی یہی رفتار رہی تو یہ 30 ارب ڈالر کو بھی کراس کر سکتے ہیں۔ ملک بوستان نے کہا کہ اس وقت 90 لاکھ سے زائد پاکستانی بیرون ملک مقیم ہیں۔ بیرون ملک مقیم پاکستانی سالانہ اپنے خاندانوں کی کفالت کے لیے 23 ارب ڈالر ترسیلات زر بھیجتے ہیں۔

شال بقیہ 26

دہشت گردوں کو اپنے عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دینگے اس طرح کے وقعات کی روک تھام کیلئے ہر ممکن اقدامات کرینگے بعد ازاں انہوں نے بولان میڈیکل کالج میں زخمیوں کی عیادت کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرنے والوں کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور زخمیوں کو صحت عطا فرمائے۔

شال بقیہ 27

اللہ ولد عبدالرزاق قوم خدرزئی ساکن ڈیری فارم محلہ، امیر محمد ولد یار محمد قوم لونی ساکن ہاشم کالونی شدید زخمی ہو گئے جنکو لورالائی ہسپتال میں ضروری کاروائی کے بعد مزید علاج کے لیئے کوئٹہ روانہ کر دیا۔

شال بقیہ 28

کوئٹہ قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا چار گھنٹے کے بعد رینجرز حکام اور کوچ مالکان کے درمیان مذاکرات کامیاب ہونے کے بعد کراچی بلوچستان شاہراہ کو ٹریفک کی آمدورفت کے لئے بحال کر دیا گیا۔ اتوار کے روز صبح سویرے سندھ بلوچستان کے سنگم پر حب پل کے قریب قائم موچکو رینجرز چیک پوسٹ پر مسافر کوچز مالکان کا چیکنگ کے خلاف احتجاج کیا گیا جہاں کوچز مالکان نے بسیں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر کھڑی کر دی جس کے بعد ٹریفک ہر قسم کی آمدورفت کے لئے معطل ہو کر رہ گیا قومی شاہراہ پر ٹریفک معطل ہونے کے باعث گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں جس سے مسافروں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا تین چار گھنٹے بعد رینجرز حکام اور کوچ مالکان کے درمیان مذاکرات کامیاب ہونے کے بعد کوچ مالکان نے گاڑیاں قومی شاہراہ سے ہٹا دیں جس کے بعد کراچی کوئٹہ قومی شاہراہ ٹریفک کے لیے بحال ہوگیا۔

شال بقیہ 29

ہزار گنجی بم دھماکے میں قیمتی جانوں کی شہادت پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی کے اس افسوسناک واقعے کی شدید الفاظوں میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہونگے اور ہم شہداء کی قربانیوں کو کبھی نہیں بھولیں گے۔ محترمہ درچین مری نے شہداء کے لواح

نوجوانوں کو تعلیم کی سہولت پہنچانے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں، عمر جمالی

نوجوان نسل کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنا ہماری ذمہ داری ہے، ہر بچہ اسکول میں ہمارا وژن ہے تعلیم وصحت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرینگے

ہمیں اپنے عوام کو اندھیروں سے نکال کر روشنیوں کی جانب گامزن کرنا ہے، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ و بین الصوبائی امور

بلوچستان فوڈ اتھارٹی حکام تعلیمی اداروں کی کینٹینز کی انسپیکشن اور متعلقہ حکام کو خصوصی ایس پیز دے رہے ہیں

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ و بین الصوبائی امور میر عمر خان جمالی نے کہا ہے کہ اپنی نوجوان نسل کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنا ہماری ذمہ داری ہے قوموں کی تعمیر وترقی معیاری اور اعلیٰ تعلیم سے ہی ممکن ہے علاقے میں تعلیم کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے وسائل بروئے کار لا رہے ہیں ہر بچہ اسکول میں ہمارا وژن ہے تعلیم وصحت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرینگے ہمیں اپنے عوام کو اندھیروں سے نکال کر روشنیوں کی جانب گامزن کرنا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے غریب آباد میں اپنے فنڈ سے تعمیر ہونے والے گورنمنٹ ہائی اسکول کی نئی عمارت اور ہاوسنگ اسکیم کا افتتاحی تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سربراہ جمالی اقوام ذوالفقار علی جمالی سابق صوبائی وزیر وپیپلز پارٹی کے صوبائی رہنماء میر حیدر خان جمالی بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

نواز شریف کی تقریر پر پابندی سمجھ سے بالاتر ہے، محمد زبیر

موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس کی بندش جلسے کی کوریج روکنے کے لیے ہے

حکومت نے جتنا ڈرانا ہے ڈرائے ہم پورے ملک کا دورہ کریں گے، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما محمد زبیر نے کہا ہے کہ میاں نواز شریف کی تقریر پر پابندی سمجھ سے بالاتر ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمد زبیر نے کہا کہ پہلے ڈرایا گیا اور اب حکومت ہتھکنڈے استعمال کیے جا رہے ہیں، حکومت نے جتنا ڈرانا ہے ڈرائے ہم پورے ملک کا دورہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس کی بندش جلسے کی کوریج روکنے کے لیے ہے۔ کہا ہے کہ میاں نواز شریف کی تقریر پر پابندی سمجھ سے بالاتر ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

روڈ سیفٹی کونسل کی افتتاحی تقریب اسلام آباد میں منگل کو منعقد ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں ٹریفک حادثات کے تدارک کیلئے آگاہی فراہم کرنے کیلئے روڈ سیفٹی کونسل آف پاکستان کا قیام عمل میں لایا گیا ہے اس حوالے سے افتتاحی تقریب کا انعقاد اسلام آباد میں بروز منگل بتاریخ 27 اکتوبر کیا جائیگا۔

کوئی کٹھ پتلی نہیں اور نہ ہی کسی کے اشارے پر چلتا ہوں، بلاول بھٹو

جب آپ کے ووٹوں سے ملک کا وزیراعظم بنے گا تو پھر آپ کی قسمت بھی بدل جائے گی

گلگت بلتستان میں مہنگائی کو روکنے کیلئے ہمیں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کو روکنا ہوگا، ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب

شگر/کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ کوئی کٹھ پتلی نہیں ہوں اور کسی کے اشارے پر نہیں چلتا، عمران خان سندھ پولیس کو اپنی ٹائیگر فورس بنانے کی کوشش رہے تھے، موجودہ حکومت نے کسی بھی طبقے کو ریلیف نہیں تکلیف دی ہے، جب آپ کے ووٹوں سے ملک کا وزیراعظم بنے گا تو پھر آپ کی قسمت بھی بدل جائے گی، گلگت بلتستان میں مہنگائی کو روکنے کیلئے ہمیں پاکستان تحریک انصاف بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

شگر، کارکن پیپلز پارٹی کا جھنڈا لہرا کر نعرے بازی کر رہے ہیں

ضلع لسبیلہ کی آبادی 7 لاکھ سے تجاوز کر چکی ہیں، امان اللہ لاسی

اوتھل (نامہ نگار) ترجمان لسبیلہ سول سوسائٹی امان اللہ لاسی نے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ ڈسٹرکٹ الیکشن ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس طلب کریں جس میں ضلع لسبیلہ کی تمام سیاسی، لسبیلہ سول سوسائٹی، سماجی و مذہبی اور ہیومن رائٹس کی تنظیموں کو نمائندگی دیکر اجلاس میں شرکت کی دعوت دیں، لسبیلہ کے بلدیاتی الیکشن کی حلقہ بندیوں میں ان سے رائے لیکر نئی حلقہ بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

گورنمنٹ مرے کالج سیالکوٹ کو یونیورسٹی کا درجہ دینے کیلئے منظوری دے دی گئی

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے معاون خصوصی برائے امور نوجوانان عثمان ڈار کی خصوصی استدعا پر شاعر مشرق علامہ محمد اقبال اور شاعر انقلاب فیض احمد فیض کی مادر علمی گورنمنٹ مرے کالج سیالکوٹ کو یونیورسٹی کا درجہ دینے کیلئے منظوری دے دی ہے۔ بتایا گیا کہ وزیراعظم کی جانب سے مذکورہ منظور شدہ یونیورسٹی کے منصوبے پر جلد سے جلد کام شروع کر دیا جائے گا۔

موجودہ موسمی حالات کے تناظر میں انسداد ڈینگی اقدامات مزید توجہ اور نگرانی کے متقاضی ہیں، عثمان علی

اوکاڑہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر عثمان علی نے کہا ہے کہ موجودہ موسمی حالات کے تناظر میں انسداد ڈینگی اقدامات مزید توجہ اور نگرانی کے متقاضی ہیں صفائی ستھرائی کی صورت حال کو بہتر بنانے کے لئے سرکاری اداروں کے بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم میں شامل جماعتیں اپنے دور اقتدار میں بلوچ نسل کشی میں ملوث رہے ہیں، بی ایس او آزاد

پاکستان پیپلز پارٹی آج بلوچستان میں اپنے سیاسی پوائنٹ سکورنگ کے لیے جن مسنگ پرسنز کا ذکر کر رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن آزاد کے مرکزی ترجمان نے پی ڈی ایم کی نام نہاد جمہوری تحریک اور کوئٹہ جلسے کے حوالے سے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ پی ڈی ایم میں شامل جماعتیں اپنے دور اقتدار میں بلوچ نسل کشی میں ملوث رہے ہیں۔ بلوچستان میں وفاق پرست جماعتوں کا ہمیشہ سے وتیرہ رہا ہے کہ وہ اپنے دور اقتدار میں ریاستی بغل بچے کا کردار ادا کر کے بلوچ نسل کشی اور ریاستی مفادات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار ہونے کا ثبوت دیتے ہیں۔ لیکن جب اقتدار چلی جاتی ہے تو محکوم محکوم اور جمہوریت جمہوریت کا راگ الاپنا شروع کر دیتے ہیں۔

ملک میں دالوں کی جدید ٹیکنالوجی اور نئی بیج کی کاشت سے پیداواری صلاحیت میں اضافہ کیا جا سکتا ہے، حافظ انور

مقامی سطح پر تیار دالوں کی فصلوں کی بہتر نگہداشت کی جائے تو ان سے دوگنا زرمبادلہ کمایا جا سکتا ہے

بولان (این این آئی) محکمہ زرعی توسیع بلوچستان اور قومی زرعی تحقیقاتی کونسل اسلام آباد کا قومی منصوبہ برائے دالوں کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ بذریعہ تحقیق کے عنوان سے ڈھاڈر میں ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا سیمینار میں ضلع کچھی کے مختلف تحصیلوں ڈھاڈر، بھاگ ناڑی، بالاناڑی کے زمینداروں نے شرکت کی جسمیں شرکاء کو پروجیکٹ کی متعلق آگاہی اور معلومات فراہم کی گئی اس موقع پر زمینداروں نے اپنی فصلوں کی بیماریوں اور پیداوار سے متعلق مختلف سوالات کیئے جنکا پروجیکٹ ڈائیکٹر نے جوابات اور انہیں مفید مشورے دیئے اسموقع پر زراعت آفیسر حافظ انور، ڈائریکٹر بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

بلوچستان سول سروسز ایگزیکٹو آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی کے ہنگامی اجلاس کی صدارت بی سی ایس ایسوسی ایشن کے صدر قمبر دشتی کر رہے ہیں

محبوبہ مفتی کا موقف کشمیریوں کے جذبات کی عکاسی ہے، پروفیسر سوز

بھارت کو آج یا کل منسوخ شدہ دفعہ 370 کو بحال کرنا ہوگا

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں سینئر کانگریس رہنما اور سابق بھارتی وزیر پروفیسر سیف الدین سوز نے بھارتی پرچم کے بارے میں پی ڈی پی کی صدر محبوبہ مفتی کے موقف کی تائید کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کشمیریوں کے جذبات کی عکاسی بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

ملتان کے دو مختلف مقامات پر سیوریج پانی میں پولیو وائرس کا انکشاف

ملتان (این این آئی) ملتان میں دو مختلف مقامات پر سیوریج کے گندے پانی میں پولیو وائرس کی موجودگی کا انکشاف ہوا ہے، محکمہ صحت نے قطرے پلانے سے انکاری بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے فیصلے کے بعد حکمرانوں کو استعفیٰ دینا چاہیئے، مریم نواز

پاکستان کی تقدیر بدلنے کا وقت آ گیا ہے، کسی کو ووٹ کی عزت سے کھیلنے کا حوصلہ نہیں ہوگا

جتنی محبت مجھے پنجاب سے ہے اس سے زیادہ محبت بلوچستان کے عوام سے ہے، جلسے سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کی تقدیر بدلنے کا وقت آ گیا ہے، کسی کو ووٹ کی عزت سے کھیلنے کا حوصلہ نہیں ہوگا، جتنی محبت مجھے پنجاب سے ہے اس سے زیادہ محبت بلوچستان کے عوام سے ہے جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے فیصلے کے بعد حکمرانوں کو استعفیٰ دینا چاہیے، اب عوام کی حاکمیت کا سورج طلوع ہونے کو ہے، یہاں بغاوت اور غداری کے سرٹیفکیٹ نہیں بٹیں گے۔ اتوار کو بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

اوتھل، ضلع کونسل ہال میں لائن ڈیپارٹمنٹ افسران کو پولیو بچاؤ مہم سے متعلق ٹریننگ دے جا رہی ہے

بارہ ربیع الاول ہمارے پیارے آقائے دوجہاں نبی ﷺ کی ولادت کا دن ہے

حضور ﷺ کی آمد اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے، عاشقان رسول ﷺ

مانجھی پور (نامہ نگار) جشن عید میلاد النبی ﷺ قریب آتے ہی مانجھی پور اور گردونواح میں عاشقان رسول ﷺ کی تیاریاں عروج پر گھروں، گلیوں، بازاروں اور مساجدوں کو رنگ برنگی برقی قمقموں اور سبز ہلالی پرچموں، بینرز سے سجا دیا، جبکہ دوسری طرف شام ہوتے ہی بچے اور نوجوان موٹر سائیکلوں، پیدل، رکشوں اور گاڑیوں پر جلوس نکالتے رہتے ہیں اور درود وسلام کی صدائیں فضاء میں معطر ہوتی رہتی ہیں رپورٹ کے مطابق عید میلاد النبی ﷺ کی آمد آمد، گلیوں، بازاروں بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

حکومت فرانس کے سفیر کو ملک بدر اور مصنوعات کا بائیکاٹ کرے، علامہ علی نواز القادری

فرانس حکومت نے سرکاری عمارت پر نبی کریم ﷺ کے خاکے شائع کر کے عالم اسلام کے دلوں کو شدید ٹھیس پہنچائی ہے

کوئٹہ (آن لائن) سنی تحریک عوامی کے صوبائی چیف آرگنائزر علامہ علی نواز القادری نے صوبائی رابطہ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت فرانس کے سفیر کو ملک بدر اور مصنوعات کا بائیکاٹ کرے فرانس حکومت نے سرکاری عمارت پر نبی کریم ﷺ کے خاکے شائع کر کے عالم اسلام کے دلوں کو شدید ٹھیس پہنچائی ہے او آئی سی اور مسلم ممالک کی افواج کا کیا فائدہ بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

پاک پیغمبر کی آمد امت مسلمہ کے لے راہ نجات کا ذریعہ ہے، رئیس اللہ ڈنہ منگریو

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد سے پہلے دنیا جہالت کے اندھیرے میں ڈوبی ہوئی تھی بت پرستی انا پرستی عروج پر تھی

جیرودین (نامہ نگار) پاک پیغمبر کی آمد امت مسلمہ کے لے راہ نجات کا ذریعہ ہے ان خیالات کا اظہار کرتے ہوئے رئیس اللہ ڈنہ منگریو سربراہ منگریہ برادری بلوچستان بختیار احمد منگریو مزار خان منگریو نذیر احمد منگریو الف خان منگریو وحید علی خان منگریو محمد موسیٰ منگریو ڈاکٹر لیاقت علی منگریو محمد مراد منگریو عبدالخالق منگریو محمد نوح منگریو عبدالرحیم منگریو فوٹ بخش منگریو فقیر امان اللہ منگریو ودیگر منگریہ برادری بلوچستان کے معززین نے مشترکہ بیان میں کہا بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

عرفان الحق صائم کی ادبی وصحافتی خدمات کسی بھی طور نا قابل فراموش ہے، خورشید افروز

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے سینئر صحافی شاعر ادیب اور مقالہ نگار عرفان الحق صائم کی تیسری برسی کی مناسبت سے انجمن ادب بلوچستان کے زیر اہتمام تعزیتی تقریب اور مشاعرے کا اہتمام کیا گیا بزرگ شاعر خورشید افروز کی صدارت میں ہونیوالے مشاعرہ کی مہمان خصوصی ڈاکٹر بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

سیرت النبی ﷺ کی پیروی دنیا وآخرت کی کامیابی کی کنجی ہے، علامہ داد محمد فریادی

ماہ ربیع الاول ہمیں اپنے دلوں سے نفرتیں ختم کرنے کا درس دیتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) اتحاد اہلسنت پاکستان کے سربراہ علامہ داد محمد فریادی نے محفل ذکر ونعت سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیرت النبی ﷺ کی پیروی دنیا وآخرت کی کامیابی کی کنجی ہے ماہ ربیع الاول ہمیں اپنے دلوں سے نفرتیں ختم کرنے کا درس دیتا ہے عالم اسلام کو اتحاد و بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

بی آر ٹی بس 38 روز آرام کے بعد ایک بار پھر خراب ہوگئی، جلد ہی ٹھیک کر لیا گیا

ایسے واقعات گاڑیوں میں ہونا معمول ہے یہ کوئی تشویش کی بات نہیں ہے، ترجمان بی آر ٹی

پشاور (این این آئی) بی آر ٹی بس 38 روز آرام کے بعد ایک بار پھر خراب ہوگئی، جلد ہی ٹھیک کر لیا گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق بی آر ٹی بس اتوار کی صبح ہی حیات آباد کے قریب خراب ہوئی تاہم جلد ہی اسے ٹھیک کر لیا گیا۔ ترجمان بی آر ٹی کے مطابق بس میں کلچ کا معمولی مسئلہ آیا تھا جس کی وجہ سے بس چلنا بند ہوگئی۔

لاہور، گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور گورنر ہاؤس میں کورونا ہیرو وزرا اور قرآن گارڈن کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سبی شہر کی شاہراہیں گندگی وغلاظت کا ٹھیر بن چکی ہیں، خان محمد جتک

جلوس میلاد کی گزرگاہوں کی صفائی نہ ہونا چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سبی کی ناکامی ہے

کوئٹہ (آن لائن) سنی تحریک کے مرکزی رہنما خان محمد جتک نے کہا ہے کہ سبی شہر کی شاہراہیں گندگی وغلاظت کا ٹھیر بن چکی ہیں جلوس میلاد کی گزرگاہوں کی صفائی نہ ہونا چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سبی کی ناکامی ہے تجارتی مراکز کی شاہراہوں پر سانس لینا محال ہو چکا ہے ہر جگہ کچرے کے ٹھیر اور گندی نالیوں کا پانی روڈوں پے بہہ رہا ہے گندی نالیوں کی غلاظت سے آنے جانے والے شہری شدید پریشانی کا شکار ہیں کئی ایام گزرنے کے باوجود شہر کی صفائی نہ ہونا چیف آفیسر میونسپل کمیٹی بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

ملک کے 22 کروڑ عوام کو بخوبی پتہ کہ حالیہ فیصلہ کسی ادارے کے خلاف ہرگز نہیں ہے، احمد خان

حکومت وقت اداروں کو ٹکرا سے بچانے کے بجائے اداروں کو ٹکرانے کے کام پر تلی ہوئی ہے

کوئٹہ (آن لائن) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ صدر احمد خان نے کہا ہے کہ سابق ڈکٹیٹر پرویز مشرف کے خلاف فیصلہ انے کے بعد فرد واحد کو بچانے کیلئے پورے ادارے کو میدان میں اتارنا تشویش ناک ہے ملک کے 22 کروڑ عوام کو بخوبی پتہ کہ حالیہ فیصلہ کسی ادارے کے خلاف ہرگز نہیں ہے بلکہ اس فیصلے سے آئین کی بالادستی کی تشریح ظاہر ہوتی ہے کہ قانون وآئین سے ملک میں کوئی بھی بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ سردار عثمان بزدار نے بڑے پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے میٹرو ٹرین منصوبے کو مکمل کیا، نعمان لنگڑیال

مسلم لیگ (ن) کس بات کا کریڈٹ لے رہی ہے اور علامتی افتتاح کئے گئے، کیا یہ منصوبہ انکی ذاتی جیب سے شروع ہوا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر مینجمنٹ اینڈ پروفیشنل ڈویلپمنٹ ملک نعمان لنگڑیال نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ سردار عثمان بزدار نے بڑے پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے اورنج لائن میٹرو ٹرین منصوبے کو مکمل کیا ہے، مسلم لیگ (ن) کس بات کا کریڈٹ لے رہی ہے اور علامتی افتتاح کئے گئے، کیا یہ منصوبہ ان کی ذاتی جیب سے شروع کیا گیا تھا؟، عوام کو تعلیم، صحت اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

سعودی ایئر لائنز کا نومبر سے بین الاقوامی پروازوں کی مکمل بحالی کا اعلان

اسلام آباد، کراچی اور پشاور سمیت 33 بین الاقوامی شہروں کے لیے اپنی پروازیں چلانے جا رہے ہیں، سعودی کمپنی

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی قومی فضائی کمپنی نے نومبر سے اپنی بین الاقوامی پروازیں مکمل بحال کرنے کا اعلان کیا ہے اور اسلام آباد، کراچی اور پشاور سمیت 33 بین الاقوامی شہروں کے لیے اپنی پروازیں چلائے گی۔ سعودی ایئر لائنز نے مارچ میں کرونا وائرس کی وبا پھیلنے کے بعد اندرون اور بیرون ملک اپنی پروازیں بند کر دی تھیں۔ البتہ اس نے مئی میں سعودی حکومت کے بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

سکستھ روڈ چوک پر ٹریفک جام معمول بن جانے سے شہری پریشان

نواز شریف پارک کے سامنے یوٹرن بنا کر اس مسئلہ کو حل کیا جائے، ثناء اللہ اختر

راولپنڈی (این این آئی) رفاہی تنظیم الاخوت کے صدر ثناء اللہ اختر نے کہا ہے کہ مری روڈ پر سکستھ چوک میں ٹریفک کے بڑھتے ہوئے دباؤ وہم وقت جام رہنے سے شہریوں کو آمدورفت سے متعلق سخت پریشانیوں کے خاتمہ کے لیے نواز شریف پارک کے سامنے یوٹرن بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ چوک پر ٹریفک جام کا سبب یہ ہے کہ یہ چوک نہ صرف اسلام باد وصدر بلکہ سید بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی غیور عوام نے بھی کپتان پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا، سلیم رضا

سلیکٹڈ نیازی صاحب آپ کے گھبرانے اور حکومت چھوڑنے کا وقت آ چکا ہے، رہنما مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) اسیر رہا ئی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ بلوچستان کی غیور عوام نے بھی کپتان پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا۔ گوجرانوالہ، کراچی اور کوئٹہ کے کامیاب جلسوں میں عوام کی شرکت سے کپتان کی آنکھیں کھل جانی چاہیے، سلیکٹڈ نیازی صاحب آپ کے گھبرانے اور حکومت چھوڑنے کا وقت آ چکا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر



چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جناب جمال خان مندوخیل کو چمن جوڈیشل کمپلیکس پہنچنے پر پولیس کے جوانوں کا چاک وچوبند دستہ سلامی پیش کر رہا ہے

10 ربیع الاول کو جامعہ مسجد غوثیہ کلی غوث آباد منگچر میں تحفظ ختم نبوت کانفرنس ہوگی

سید شجاع الحق ہاشمی، سید محمد اقبال شاہ، سید اشرف شاہ چشتی ودیگر علماء خطاب کریں گے، حافظ رحیم بخش حسینی

منگچر (نامہ نگار) تحریک لبیک پاکستان ضلع قلات کے سیکریٹری اطلاعات حافظ رحیم بخش حسینی نے کہا ہے کہ ختم نبوت کا عقیدہ ہمارے ایمان کا لازمی جز ہے اس کے لیے ہم سب کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا چاہیے تحریک لبیک منگچر کے زیر اہتمام 10 ربیع الاول بروز بروز بدھ 28 اکتوبر 2020ء بمطابق ختم نبوت کانفرنس بسلسلہ عقائد اہلسنت کے موضوع پر ایک روزہ کانفرنس جامعہ غوثیہ منگچر کلی بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

قلات میں مکمل گیس بند ہے ظالمانہ گیس بل آ رہے ہیں، میر مبارک خان محمد حسنی

گیس کی مد میں 40 کروڑ روپے قلات کے عوام مقروض ہو چکا ہے

قلات (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری میر مبارک خان محمد حسنی امیر ضلع قلات مولانا شاہ محمد زہری۔ کنوینر قاری رحمت اللہ تنشیمی ناہب امیر مولانا عبدالرشید مینگل وڈیرہ غلام محمد لانکو ڈپٹی جنرل سیکریٹری عبدالسلام جنگ مفتی محمد ناصر۔ منیر احمد نوشکوی۔ عبداللہ سالانی۔ میر محمد حسنی۔ مولانا منیر احمد نچاری ڈاکٹر سراج احمد شاہوانی قاضی بشیر احمد سر بازی حاجی میر عبدالحمید شاہوانی۔ مولوی عبدالرحمن ناز ولی محمد سالانی ضلع قلات کے عاملہ نے گیس متاثرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قلات میں مکمل گیس بند ہے ظالمانہ گیس بل ارے ہیں گیس کی مد میں 40 کروڑ روپے قلات کے عوام مقروض ہو چکا ہے لکڑی ناپید ہے اور 900 روپے من دستاب نہیں ہے صوبائی وزیر بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

مولانا فضل الرحمن کے اعزاز میں قاسم خان خلجی کا عشائیہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی امیر پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے اعزاز میں جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے رہنماء حاجی قاسم خان خلجی نے اپنی رہائش گاہ کلی حاجی شاہ برات میں بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

ملک دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہونگے، سردار جلال خان لاشاری

کھل مکسی (نامہ نگار) گاجان چیف آف لاشار سردار جلال خان لاشاری نے کوئٹہ کے علاقے ہزار گنجی بم دھماکے میں قیمتی جانوں کی شہادت پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے دہشتگردی کے اس افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان ایک بیان میں کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر اپنے مذموم بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

18 ویں ترمیم ختم کرنے کی کوشش کی گئی تو پھر ملک نہیں چلے گا، محمود خان اچکزئی

122 سالہ اپنی مشترکہ سرزمین پر پاسپورٹ اور ویزے لیکر آنا جانا قبول نہیں اگر مجبور کیا گیا تو بارڈر کے دونوں طرف کے پشتون باڑ کو اکھاڑ دیں گے

ہم کمزور ہیں لیکن بے غیرت نہیں کہ آپ کے ڈھول پر ناچ کریں اگر ہمارا ڈھول بجا تو پوری دنیا کے کان پھٹ جائیں گے، جلسے سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ 122 سالہ اپنی مشترکہ سرزمین پر پاسپورٹ اور ویزے لیکر آنا جانا قبول نہیں اگر مجبور کیا گیا تو بارڈر کے دونوں طرف کے پشتون باڑ کو اکھاڑ دیں گے ہم کمزور ہیں لیکن بے غیرت نہیں کہ آپ کے ڈھول پر ناچ کریں اگر ہمارا ڈھول بجا تو پوری دنیا کے کان پھٹ جائیں گے، پی ڈی ایم سے گلہ کیا جاتا ہے کہ ہم غدار ہیں لیکن آج تک نہ ہمارے اکابرین اور نہ ہی کسی کارکن نے پاکستان مردہ باد کا نعرہ لگایا پاکستان کا نظریہ پشتون، بلوچ، سندھی کا مقروض ہے قوموں کو انکے وسائل پر اختیار، آزاد جمہوری پارلیمنٹ، آئین کی بالادستی کو بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیم گوادر میں مختلف اشیاء خوردونوش کے مراکز کا معائنہ کر رہی ہے

مقررہ وقت میں پولیس کی قیمتی گاڑیوں کا موبل آئل تبدیل ومرمت کیا جائے، محسن حسن بٹ

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محسن حسن بٹ ڈپٹی انسپکٹر جنرل نصیر آباد رینج شہاب عظیم لہڑی اور ایس ایس پی جعفر آباد افتخار احمد کی خصوصی ہدایت پر انسپکشن ٹیم کے ممبران نے متعلقہ آفیسر کی زیر نگرانی میں جعفر آباد کے پولیس اسٹیشنز کے تمام اسلحہ بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

دالبندین میں چھ روزہ انسداد پولیو مہم کا آغاز کر دیا گیا

دالبندین (این این آئی) ڈپٹی کمشنر چاغی آغا شیر زمان نے چھ روزہ انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں پرنس فہد ہسپتال میں بچے کو قطرہ پلا کر مہم کا افتتاح کر دیا اس موقع پر ڈی ایچ او چاغی عبدالغنی بلوچ، ایم ایس پرنس فہد ہسپتال ڈاکٹر ثناء اللہ بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

لسبیلہ کی خاصخیلی برادری کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے، سردار رحمت اللہ خاصخیلی

خاصخیلی برادری اپنے چھوٹے چھوٹے اختلافات بھلا کر پاکستان خاصخیلی جماعت کے پلیٹ فارم پر متحد ہو جائے

اوتھل (نامہ نگار) لسبیلہ کی خاصخیلی برادری کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے۔ خاصخیلی برادری اپنے چھوٹے چھوٹے اختلافات بھلا کر پاکستان خاصخیلی جماعت کے پلیٹ فارم پر متحد ہو جائے۔ ان خیالات کا اظہار خاصخیلی برادری کے سربراہ سردار رحمت اللہ خاصخیلی نے حب میں پاکستان خاصخیلی جماعت تحصیل حب کی کابینہ کے عہدیداران وممبران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ خاصخیلی برادری لسبیلہ کا اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ خاصخیلی برادری اپنی تمام تر رنجشیں بھلا کر بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

کامیاب جلسہ کے انعقاد پر تمام جمہوری پارٹیوں کو دو بستہ سلام پیش کرتے ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

انسانوں کے ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر نے کٹھ پتلی حکومت کے خلاف فیصلہ دیدیا

کوئٹہ (این این آئی) کامیاب جلسہ کے انعقاد پر تمام جمہوری پارٹیوں کو دو بستہ سلام پیش کرتے ہیں انسانوں کے ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر نے کٹھ پتلی حکومت کے خلاف فیصلہ دیدیا تمام قائدین نے ملک اور جمہوریت کی بقاء پر جنی تقریر کر کے قوم کا مدعا ریاست کے سامنے رکھا ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سنیئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، جنرل بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

ژوب میں تیسرے روز بھی تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری رہا

ژوب (این این آئی) ڈپٹی کمشنر میر شہک بلوچ کی ہدایت پر تحصیلدار ژوب عبدالسلام موسیٰ خیل اور ڈویژن فورس کے انچارج فاضل شاہ مندوخیل نے پولیس لیویز کے بھاری نفری اور میونسپل کمیٹی کی مشنری کیساتھ اوباز میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ اپریشن تیسرے روز بھی جاری بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

پنجابی، سندھی اور بلوچی عوام نے اپوزیشن بیانیہ کو مسترد کر دیا، ڈاکٹر شاہد صدیق

جلسوں میں شرکت کیلئے مسترد جماعتوں نے عوام کو بریانی اور قیمہ نان کا لالچ دیا جسے عوام نے مسترد کر دیا

لاہور (این این آئی) مرکزی رہنما پی ٹی آئی، چیئرمین لاہور ٹرانسپورٹ کمپنی ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ پنجابی، سندھی اور بلوچی عوام نے اپوزیشن بیانیہ کو مسترد کر دیا، ملک اور قوم کو